خیر الناس من ینفع الناس

# فیض الاسلام

ماہنامہ راولپنڈی

اکتوبر 2025ء بمطابق ربیع الثانی 1447ھ

Monthly

# FAIZ-UL-ISLAM

Rawalpindi ABC

October 2025






زیر سرپرستی انجمن فیض الاسلام راولپنڈی










سیرت النبی ﷺ کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب کی تصاویر، تقریب سے صدر انجمن و دیگر
عہدیداران نے خطاب کیا۔ اس پُر نور تقریب میں اساتذہ اور بچوں نے بھرپور شرکت کی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاکستان اور دیگر اہم ممالک میں پڑھا جانے والا کثیر الاشاعت دینی و علمی مجلہ

اسلامی شعائر، ثقافتی اقدار، تعلیمی ترقی اور معاشرتی اصلاح و بہبود کا داعی

ماہنامہ فیض الاسلام راولپنڈی

آغاز اشاعت 1949ء

بانی مدیر راجہ غلام قادر (مرحوم)

ABC سے باقاعدہ تصدیق شدہ

| جلد نمبر 77 | اکتوبر 2025ء بمطابق ربیع الثانی ۱۴۴۷ھ | شمارہ نمبر 10 |
|---|---|---|



## مجلس ادارت

پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد — مدیر اعلیٰ

راجہ محمد صابر حسین — مدیر منتظم / طابع و ناشر

قاری خورشید احمد — مدیر

محمد بدر منیر — مدیر رابطہ کاری

## مجلس مشاورت

ڈاکٹر انعام الرحمٰن — (ممبر مجلس منتظمہ)

پروفیسر نیاز عرفان — (ممبر مجلس منتظمہ)

محترمہ اظہار فاطمہ — (سینئر نائب صدر)

لیفٹیننٹ کرنل میاں محمد جمیل اطہر (ر) — (نائب صدر اول)

انجینئر صلاح الدین رفاعی — (نائب صدر دوم)

گروپ کیپٹن پرویز اختر (ر) — (جنرل سیکریٹری)

طاہر ضیاء — (جوائنٹ سیکریٹری)

مسز زینت ظہیر — (ممبر مجلس منتظمہ)


## مندرجات


| | | |
|---|---|---|
| ارشادات | | ۲ |
| حمد مبارک | ڈاکٹر نعیم ظفر | ۳ |
| نعت | مفتی محمد شفیع | ۴ |
| اداریہ | پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد | ۵ |
| القرآن | شیخ التفسیر مفتی محمد شفیعؒ | ۷ |
| درس حدیث | مولانا ڈاکٹر محمد ناصر | ۹ |
| قرآن مجید کا تعارف | مولانا صدر الدین الرفاعیؒ | ۱۱ |
| ظہور قدسی (تذکرے) | علامہ منظور حسین المعروف ماہر القادریؒ | ۱۵ |
| رسول اکرمؐ کے لعاب مبارک کی برکات | علامہ سید لعل شاہ بخاریؒ | ۱۹ |
| نبی کریم ﷺ اپنے گھر میں | سید سلیمان ندویؒ | ۲۳ |
| تسلیم ورضا | نظیر اکبر آبادیؒ | ۲۸ |
| علی بن عثمان ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ | حکیم سید امین الدین دہلوی | ۳۱ |
| قائد ملت خان لیاقت علی خان | پروفیسر ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم | ۳۶ |
| اطلاعات انجمن | مرتب: تاج محمد جان | ۴۰ |



رسالے کے مندرجات سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں



زر اشتراک: پاکستان فی پرچہ 100 روپے، سالانہ 1000 روپے

طابع و ناشر: راجہ محمد صابر حسین فیض الاسلام پرنٹنگ پریس راولپنڈی
مقام اشاعت اقبال روڈ راولپنڈی، فون صدر دفتر: ۵۵۳۲۹۰۹، ۵۷۷۲۹۰۹
فیض آباد: ۴۵۷۵۶۸۸۔ ۴۵۷۵۶۸۷ مندرہ: ۳۵۹۱۷۰۵۔ ۰۵۱



E-Mail:appnaghar2002@yahoo.com & faiz-ul-islam@anjumanfaiz-ul-islam.com

Web site:http://www.afir.org.pk

## القرآن

''جو کچھ بھی تم لوگوں کو فراہم کیا گیا ہے، محض حیات دنیا کی متاع ہے اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے، بہتر بھی ہے اور پائیدار بھی۔۔ ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے رب پر بھروسا کرتے ہیں، جو بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور غصہ آجائے تو درگزر کر جاتے ہیں، جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، اپنے معاملات باہمی مشورے سے طے کرتے ہیں اور ہم نے جو رزق انہیں دیا ہے اُس میں سے دوسروں پر بھی خرچ کرتے ہیں۔ (سورۃ الشوریٰ)

## فرمان رسول ﷺ

حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا: ''کوئی بندہ حرام مال کمائے، پھر اس میں سے خدا کی راہ میں صدقہ کرے تو یہ صدقہ اُس کی طرف سے قبول نہیں کیا جائے گا اور اگر اپنی ذات اور گھر والوں پر خرچ کرے گا تو برکت سے خالی ہوگا۔ اگر وہ اس کو چھوڑ کر مرا تو وہ اس کے جہنم کے سفر میں زادِ راہ بنے گا۔ اللہ تعالیٰ بُرائی کو بُرائی کے ذریعے سے نہیں مٹاتا بلکہ بُرے عمل کو اچھے عمل سے مٹاتا ہے اور خبیث، خبیث کو نہیں مٹاتا''۔ (مشکوٰۃ)

## قائداعظم نے فرمایا

بلوچستان آزاد اور بہادر انسانوں کی سرزمین ہے اس لیے آپ کی نظروں میں قومی آزادی، عزت اور طاقت کے الفاظ کی خاص قدر و قیمت ہونی چاہیے۔ یہ ملکی اور غیر ملکی کی باتیں نہ ملک کے لیے مفید ہیں اور نہ آپ کے شایان شان ہیں۔ اب ہم سب پاکستانی ہیں، ہم نہ تو بلوچی ہیں نہ پٹھان ہیں، نہ سندھی ہیں نہ بنگالی اور نہ پنجابی۔ ہمارے احساسات اور طرزِ عمل بھی پاکستانیوں جیسے ہونے چاہئیں اور ہمیں چاہیے کہ بجائے کسی اور نام کے صرف پاکستانی کہلانے پر فخر محسوس کریں۔

(کوئٹہ میں خطاب۔ ۱۵ جون ۱۹۴۸ء)

## فرمودۂ اقبال

حکمتِ مشرق و مغرب نے سکھایا ہے مجھے
ایک نکتہ کہ غلاموں کے لیے ہے اکسیر
دین ہو، فلسفہ ہو، فقر ہو، سلطانی ہو
ہوتے ہیں پختہ عقائد کی بنا پر تعمیر
حرف اس قوم کا بے سوز، عمل زار و زبوں
ہو گیا پختہ عقائد سے تہی جس کا ضمیر

# حمد مبارک

ڈاکٹر نعیم ظفر

در کعبہ دیوانہ وار گھومتے ہیں ہم
رب کعبہ کو خدا قسم ڈھونڈتے ہیں ہم

گو بظاہر مے پی تو نہیں ہے
عشق میں مگر جھومتے ہیں ہم

اُن کے دست پاک کہاں ہے میسر
حجرِ اسود کو مگر چومتے ہیں ہم

غلاف کعبہ کچھ ایسا ہے معطر
خوشبوئے عدن گویا سونگھتے ہیں ہم

جھولی پھیلائے بیٹھے ہیں در پر
کبھی جاگتے اور کبھی اُونگھتے ہیں ہم

کبھی جو پیش کر سکیں تحفہ میں آج
چلو کباب جگر آج بھونتے ہیں ہم

ابدی زندگی پاتا ہے بندہ فانی بھی نعیم
کوئی ایسی ہی راہ ڈھونڈتے ہیں ہم

# نعت

مفتی محمد شفیع

اے کاش پھر مدینہ میں اپنا قیام ہو
دن رات پھر لبوں پر درود و سلام ہو

پھر ذکر لا الہٰ میرا حرز جان ہو
اور وقت واپسیں یہی میرا کلام ہو

محراب مصطفیٰ میں ہو معراج سر نصیب
پھر سامنے روضۂ خیر الانام ﷺ ہو

پھر کاش میں مکین حرم مصطفیٰ ہوں
فضل خدا سے روضۂ جنت مقام ہو

پھر ذکر لا الہٰ بنے حرز جان مرا
دوزخ کی آنچ مجھ پر الٰہی حرام ہو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اداریہ

محترم قارئین اکرام!

اکتوبر کا مہینہ ہمیں پاکستان کے پہلے وزیراعظم جناب لیاقت علی خانؒ کی یاد دلاتا ہے جن کو 16 اکتوبر 1951ء کو ایک سازش کے تحت لیاقت باغ میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے گولی مار کر شہید کر دیا گیا اس لیے راولپنڈی کا جو کمپنی باغ تھا اس کو لیاقت باغ کے نام سے منسوب کر دیا گیا۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ بانیٔ پاکستان کے بعد لیاقت علی خانؒ نے 4 سال تک پاکستان کو مستحکم کرنے کے لیے قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔ لیاقت علی خانؒ کو قائداعظمؒ کا دستِ راست سمجھا جاتا تھا اس لیے ہمیں ایسے موقع پر اپنے محسنین کو یاد رکھنا چاہیے خاص طور پر جو ابتدائی دنوں کے حکمران تھے ایسے لوگوں کی کاوش سے پاکستان آہستہ آہستہ ترقی کرتا گیا ان سب کو ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

اگرچہ پاکستان کے عوام غربت اور کئی مسائل کا شکار ہے پھر بھی آج پاکستان کی تین اہم چیزیں بہت مضبوط ہیں:۔

پہلی اسلامی دنیا میں پاکستان کی فوج بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ دوسرا پاکستان ابھی تک 1973ء کے آئین کے تحت جمہوریت اور آزادی کا علم بردار ہے اگرچہ اس میں کچھ خامیاں بھی ہیں لیکن جمہوریت چل رہی ہے۔ تیسری اہم چیز پاکستان کا ایٹمی پروگرام ہے دنیا میں پاکستان ساتویں ایٹمی قوت ہے اور اسلامی دنیا میں واحد اسلامی پاور ہے ان خوبیوں کے ساتھ پاکستان نے بھارت کے مقابلے میں 10 مئی 2025ء کو جنگ جیت کر دنیا میں اہم مقام حاصل کر لیا۔ یہاں تک کہ سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ حال ہی میں طے ہوا ہے۔ اس طرح پاکستان نہ صرف اسلامی دنیا میں بلکہ پوری دنیا میں بہت اہمیت اختیار کر چکا ہے۔

انجمن فیض الاسلام کے یتیم، نادار اور بے سہارا بچے دُعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو مزید اہمیت عطاء فرمائے اور آنے والے دن بہتر سے بہتر ہو جائیں آخر میں اپنی طرف سے اور انجمن کی اراکین کی طرف سے تمام ڈونر حضرات کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جن کی معاونت اور امداد سے یہ ادارہ چل رہا ہے ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو حفظ و امان میں رکھے اور آپ کے خاندان پر اللہ تعالیٰ رحمتیں برکتیں نازل فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد

(تمغہ امتیاز)

مدیر اعلیٰ

# درس القرآن

## عنوان: بیویوں کی تعداد، مہر کی ادائیگی

پروفیسر عبدالحی فاروقیؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝ وَاٰتُوا النِّسَاۗءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۭ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْۗـــــًٔـا مَّرِيْۗـــــًٔـا ۝ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاۗءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰـمًا وَّارْزُقُوْھُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْھُمْ وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ [سورۃ النساء: آیت نمبر: ۳۔۵]

ترجمہ:۔ اگر تمہیں اس بارے میں خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے۔ تو ان کے علاوہ جو عورتیں تم کو پسند ہیں دو، دو، تین، تین یا چار چار ان سے نکاح کرلو، اگر اس بات کا ڈر ہو کہ سب عورتوں سے برابری کا سلوک نہ کرسکو گے تو پھر ایک عورت ہی کافی ہے یا (شرعی) لونڈی جس کے تم مالک ہو اس طرح تم ناانصافی سے بچ جاؤ گے (۳) عورتوں کو ان کے مال (مہر) خوشی سے دے دیا کرو ہاں! اگر وہ اپنی مرضی سے ان میں سے کچھ چھوڑنا چاہیں تو اسے ذوق شوق سے کھاؤ (۴) اور بے عقلوں کو ان کے مال جس کو خدا نے تمہارے لیے سبب معیشت بنایا ہے مت ان کے حوالہ کرو۔ ہاں اس میں سے ان کو کھلاتے اور پہناتے رہو اور ان سے معقول بات کہتے رہو (۵)۔

### تفسیر:

ایمان: (یمین کی جمع ہے) یہاں اس سے مراد دایاں ہاتھ ہے۔ آدمی جس چیز کو پکڑتا ہے اکثر دائیں ہاتھ

سے پکڑتا ہے اس لیے کسی چیز پر پورا قبضہ ظاہر کرنے کے لیے عربی محاورہ میں کہتے ہیں کہ اس کا دایاں ہاتھ اس چیز کا مالک ہے۔یعنی وہ اس کی پوری اور مضبوط گرفت میں ہے مثلاً کنیز اور غلام وغیرہ۔

آیت کے اس حصہ میں یتیموں کی طرف خاص طور پر توجہ دلائی ہے۔کیوں کہ ان کا پوچھنے والا نہیں ہوتا۔وہ بآسانی ہر ایک کے ظلم کا شکار ہو سکتے ہیں۔یتیم لڑکیوں سے اگر نکاح کرو تو یہ شادی خواہش،لالچ اور مال پر قبضہ کرنے کی نیت سے نہ ہونی چاہیے بلکہ فقط اُن کے نفع اور فائدے کے خیال سے ہونی چاہیے۔اور اگر ان اخلاق سے گری ہوئی باتوں سے بچنا دشوار ہو تو یتیم لڑکیوں کو اُن کے حال پر رہنے دو اور کسی اور عورت سے شادی کرلو۔اور جی چاہے تو دو تین چار تک سے کرلو۔لیکن اس صورت میں عدل کا بہت زیادہ خیال رکھنا پڑے گا۔اگر عدل نہ کرسکو تو ایک ہی پر اکتفا کرلو یا پھر تمہارے ہاں کوئی کنیز ہو تو اس پر ہی صبر کرو۔یہ انصاف کے زیادہ قریب ہے۔

اس آیت کے سلسلہ میں دو تین باتوں کا خاص طور پر سمجھ لینا ضروری ہے۔ایک تو یہ کہ یتیم بچیوں سے اگر عدمِ انصاف کا خطرہ ہو۔تو اُن سے نکاح نہ کرو۔بلکہ دوسری عورتوں سے ایک کی بجائے چار تک نکاح کر سکتے ہو۔دوسرے یہ کہ ایک سے زیادہ نکاح کرنے کی بنیادی شرط یہ ہے کہ بیویوں کے درمیان انصاف قائم رکھ سکو(جو انتہائی دشوار اور محال کام ہے جیسا کہ خود اسی سورۃ میں دوسری جگہ مذکور ہے)

تیسرے یہ کہ اگر بیویوں کے درمیان انصاف اور برابری قائم نہ رکھ سکنے کا ڈر ہو تو پھر لونڈی پر ہی اکتفا کرو۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک سے زیادہ نکاح کھلا اور عام نہیں بلکہ انصاف کی شرط سے وابستہ ہے۔

صدقتھن (ان کے مہر) صدقات کا واحد صدقہ ہے۔جو خیرات اور زکوۃ کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔یہاں صدقہ سے مراد بیوی کے حق مہر کے معنوں میں آیا ہے۔

نکاح اور بیویوں کے بارے میں مزید احکام ان آیات میں بیان فرمائے گئے ہیں۔ارشادِ خداوندی ہے کہ جن عورتوں سے نکاح کرو۔ان کے مہر خوشی سے خود ہی ادا کر دو۔خواہ کوئی تقاضا کر کے وصول کرنے والا ہو یا نہ ہو۔گویا اگر تم ایسا کرو تو پھر یتیم لڑکیوں سے نکاح کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔حرج تو اسی صورت میں ہے جب ان کے مہر دیتے یا ان کے کسی حق کے ادا کرنے میں کوتاہی کا اندیشہ ہو۔

اگر عورت اپنی خوشی سے مہر میں سے کچھ مقدار خاوند کو معاف کر دے یا وصول کر کے پھر خاوند کو ہی واپس کر دے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔خاوند اُسے خوشی سے لے سکتا ہے۔بیوی اپنے خاوند کو پورا مہر بھی معاف کر سکتی ہے۔

ھنیئا مریئا (رچتا پچتا) جو کھانا لذیذ ہو اور طبیعت خوشی کے ساتھ اُسے قبول کرلے۔ اسے ھنئ کہتے ہیں اور مویئا اس کھانے کو کہتے ہیں۔ جو ہضم ہو کر بدن کا جز و اور صحت وقوت کا سبب بن جائے۔

چھوٹے بچوں کے بارے میں جس میں یتیم سب سے پہلے آتے ہیں۔ یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب تک وہ بے سمجھ ہیں ان کا مال ان کے حوالے نہ کرو جو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لیے سامانِ معیشت بنایا ہے۔ بلکہ ان کے مال کی پوری طرح حفاظت کرو۔ اور خرد برد ہونے سے بچاؤ۔ جب تک ان بچوں کو نفع ونقصان کی تمیز نہ آجائے۔ اور وہ اپنا نفع نقصان نہ سمجھ سکیں۔ اس وقت تک انہیں اس مال میں سے کھلاؤ پہناؤ اور انہیں تسلی دیتے رہو کہ یہ سب مال تمہارا ہی ہے اور ہم صرف تمہاری خیر خواہی کے لیے اس کی حفاظت کرتے ہیں جب سمجھ دار ہو جاؤ گے تو یہ مال تمہارے حوالے کر دیں گے۔

یتیموں اور عورتوں کے بارے میں ان احکام پر ہمیں غور وفکر کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہیے کہ ہمیں ان پر عمل کرنے کی توفیق بخشے۔ کھلانا پلانا ہی نہیں۔ بلکہ معقول بات بھی نیکی میں داخل ہے۔

---

''یاد رکھو۔! دنیا کی تمام مشکلات کا حل اسلامی حکومت کے قیام میں ہے۔ اسی مقصد کی خاطر میں لندن کی پرسکون زندگی کو چھوڑ کر عظیم مفکر علامہ اقبال کے تصور کو عملی جامہ پہنچانے کی خاطر ہندوستان آگیا ہوں۔ ان شاء اللہ ایک ایسی فلاحی اور مثالی مملکت قائم ہوگی، جس کی بنیاد **لا الہ الا اللہ** پر ہوگی، اور دنیا اس کی تقلید پر مجبور ہو جائے گی''۔

[نئی دہلی میں انٹرویو۔ ۲۶ نومبر ۱۹۴۶ء]

# درسِ حدیث

## عنوان: اچھے اور بُرے حکمران

مولانا ڈاکٹر محمد ناصر

عن ابی ھریرۃؓ قال:قال رسول اللہ ﷺ "اذا کان امراؤکم خیارکم، واغنیاء کم سمحاء کم، وامور کم شوریٰ بینکم، فظھر الارض خیر لکم من بطنھا،واذا کان امراء کم شرار کم، واغنیاء کم بخلاء کم و امورکم الی نساء کم فبطن الارض خیر لکم من ظھرھا" (ترمذی، حدیث ۲۲۶۶)

(ترجمہ): حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''جب تمہارے حاکم تم میں سے بہترین لوگ ہوں، تمہارے دولت مند سخی اور فراخ دل ہوں اور تمہارے کام آپس میں مشورے سے طے پاتے ہوں تو زمین کی پشت تمہارے لیے اس کے پیٹ سے بہتر ہے۔اور جب تم میں سے شریر ترین لوگ تمہارے حاکم ہوں، تمہارے مال دار بخیل اور تنگ دل ہوں اور تمہارے کام (مشورے کے بغیر صرف) عورتوں کے ہاتھ میں چلے جائیں تو تمہارے لیے زمین کا پیٹ اس کی پیٹھ سے بہتر ہے''۔)

آپ ﷺ نے اچھی اور بری حکمرانی کی پہچان اور ان کی تین شرائط بیان کی ہیں:

۱۔ معاشرے کے بہترین لوگ اپنے عمدہ اخلاق کی بنا پر حکمران ہوں۔

۲۔ صاحب ثروت لوگوں میں سخاوت اور مال کو تقسیم کرنے کا جذبہ ہو۔

۳۔ قومی اور ملکی اُمور کو مشاورت کے ساتھ حل کیا جاتا ہو۔

ایسی فضاء بہترین معاشرے کی نشان دہی کرتی ہے۔ایسے معاشرے میں زندگی گزارنا اللہ کی بڑی نعمت اور موت سے بہتر ہے۔اور اگر صورتِ حال اس کے برعکس ہو کہ:

۱۔ معاشرے کے شریر اور بدترین لوگ حکمران بن جائیں۔

۲۔ صاحبِ ثروت لوگ، سرمایہ پرست، استحصال پسند اور عیاش ہو جائیں۔

۳۔ مشاورت کے بجائے آمریت ہو۔حکمرانوں کی پرتعیش سوچ اور کردار کی وجہ سے خواتین ۔ بلا شرکتِ غیرے بااختیار اور بالا دست ہو جائیں تو ایسی زندگی سے موت بہتر ہے۔

آج ہماری قوم زندگی میں دوسری صورتِ حال ہے اس کے بارے میں قرآن حکیم نے کہا کہ: ''جب اللہ کسی قوم سے ناراض ہوتے ہیں تو وہاں فاسق وفاجر اور بدترین (ظالم) لوگ حکمران بن جاتے ہیں۔ وہ گناہوں اور تباہی وبربادی کو عام کردیتے ہیں۔''

ایسے حالات میں اچھے لوگ سیاسی عمل میں آنا پسند نہیں کرتے۔ جو صاحبِ ثروت ہیں، ان کا ایک ہی مطمحِ نظر ہے کہ مال و دولت میں اضافہ کیسے کیا جائے۔ جب کہ تیسری شرط (نظامِ حکومت میں مشاورت) پہلے ہی درجے میں منفی رخ پر ہے کہ موجودہ انتخابی فضا میں وہ آدمی انتخاب لڑنے کا سوچے، جس کے پاس بے پناہ دولت ہو اور انتظامی مشینری میں اثر ورسوخ ہو۔ گویا خود کار نظام کے تحت ۹۰ فی صد سے زائد لوگ مشاورتی عمل سے باہر کردیے جاتے ہیں۔ ووٹر کو یہ اختیار بھی نہیں دیا جاتا کہ اگر وہ کسی بھی نمائندے پر اعتماد نہ کرے تو اس کا ووٹ (رائے) شمار میں آئے۔ اس لیے یہ حدیثِ مبارکہ ہمیں حکمرانی اور سیاست کے اصولوں پر از سرِ نو غور وفکر اور اس میں حقیقی تبدیلی لانے کی طرف متوجہ کرتی ہے۔

---

''تم جنت میں نہیں جاسکتے جب تک ایمان نہ لے آؤ، اور اچھے مؤمن نہیں بن سکتے جب تک ایک دوسرے سے محبت نہ کرو۔ کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتاؤں، جس کے کرنے سے تم ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو۔ وہ یہ کہ اپنے درمیان سلام کو عام کرو''۔ (حدیث، مسلم)

# قرآن مجید کا تعارف

(5)

مولانا صدرالدین الرفاعیؒ

## مقصد قرآن

ان احادیث کو پیش کرنے کا میرا مقصد یہ ہرگز نہیں کہ: قرآن مجید کو قرأت اور تلاوت اور حسن صوت کے ساتھ قرأت دین میں مطلوب نہیں۔ میرا مقصد یہ ہے کہ: ان اعلیٰ عبادات میں بھی سنت کی پیروی کی جائے اور قرآن مجید کو سمجھنے اور اسے زندگی میں قائم کرنے پر پوری توجہ اور کوشش کی جائے۔ قرأتِ قرآن کی فضیلت کے لیے یہ ایک ہی بات کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبِ مکرم جناب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے ذریعے آپ کی اُمت کو سب سے پہلے اسی کا حکم فرمایا چنانچہ ارشاد ہوا۔

اِقرأ بِاسم ربك الذی خلق۔

(اپنے رب کا نام لے کر پڑھ جس نے پیدا کیا)۔

لیکن اس میں بھی شک نہیں کہ پڑھنا سمجھنے کے لیے پہلا قدم ہے اور سمجھنا عمل کرنے کے لیے ضروری ہے۔

## تدبر قرآن

اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب کا نام قرآن رکھ کر سمجھا دیا کہ اسے پڑھنا ضروری ہے کیوں کہ قرآن کے معنی ہیں پڑھنے کی چیز اور یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ یہ کتابِ حکمت جس قدر پڑھی گئی، پڑھی جارہی ہے اور پڑھی جائے گی اس قدر کسی کتاب کو نہ پڑھا گیا اور نہ پڑھا جائے گا۔ مگر قرأت کے ساتھ ہی اس کتاب میں تدبر کرنے اور اسے عقل وفہم میں لانے کا بھی حکم دیا گیا۔ چنانچہ ارشادِ ربانی ہے۔

اِنّا انزلنٰه قراٰناً عربیّا لعلکم تعقلون (سورۂ یوسف)

ترجمہ: ”ہم نے اسے نازل کیا ہے قرآن بنا کر عربی زبان میں تا کہ تم

(اہلِ عرب) اس کو اچھی طرح سمجھ لو (اور غیر عرب لوگوں کو سمجھا سکو)''۔

اللہ تعالیٰ قرآن کو وضاحت وصراحت کے ساتھ بیان کرنے کا مقصد بتاتے ہوئے فرماتے ہیں۔

كذالك يُبيّن الله لكم الأيٰت لعلّكم تتفكرون (البقرة ٢٦٦)

ترجمہ: ''اس طرح اللہ اپنی باتیں بیان کرتا ہے شاید تم غور وفکر کرو''۔

مثالیں دے دے کر بیان کرنے کا مقصد بتاتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۔(الحشر۔٢١)

ترجمہ: ''یہ مثالیں ہم لوگوں کے سامنے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ وہ غور وفکر کریں''۔

اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لیے قرآن کریم میں ''تصریف الأيات ''یعنی ایک ہی بات کو بار بار بیان کرنے کا طریقہ بھی استعمال کیا تا کہ لوگ کسی نہ کسی انداز اور کسی نہ کسی اسلوب سے قرآن کریم کی تعلیمات کو سمجھ لیں۔ارشادِ ربانی ہے۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۔(بنی اسرائیل:٤١)

ترجمہ: ''ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے مکرّر بیان کر کے لوگوں کو سمجھایا کہ وہ کسی طرح ہوش میں آئیں''۔

کفار ومشرکین کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۔(محمد:٢٤)

ترجمہ: کیا ان لوگوں نے قرآن پر غور وتدبر نہیں کیا یا اِن کے دلوں پر اُن کے قفل چڑھے ہوئے ہیں''۔

یعنی یا تو قرآن کریم پر غور نہیں کر پاتے یا کرتے ہیں مگر اس کی تعلیمات اور اس کے معانی ومطالب ان کے دلوں میں اترتے نہیں ہیں کیوں کہ ان کے دلوں پر اُن کے قفل چڑھے ہوئے ہیں۔اُن کے قفل سے مراد وہ خاص قفل ہیں جو ایسے حق ناشناس لوگوں کے لیے مخصوص ہیں۔

## قرآن پر غور اور عمل کرنے کا طریقہ

معلم القرآن والحکمۃ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

انزل القرآن علىٰ خمسة اوجه ۔حلال وحرام ومحكم و متشابه وامثال۔

فاحلوا الحلال وحرمو الحرام واعملوا بالمحكم وآمنو بالمتشابه واعتبروا بالا

مثال (ھٰذا لفظ المصابیح)

ترجمہ: قرآن کریم میں پانچ طرح کے مضامین کی آیات نازل کی گئی ہیں۔

۱۔ حلال

۲۔ حرام

۳۔ محکم

۴۔ متشابہ

۵۔ اَمثال

پس حلال کو حلال اور حرام کو حرام مانو۔

محکم پر عمل کرو۔

متشابہ پر ایمان لاؤ اور امثال سے عبرت پکڑو۔ (یہ الفاظ مصابیح کے ہیں)۔

**ورواہ البیہقی فی شعب الایمان ولفظہ واعملوا بالحلال واجتنبوا الحرام واتبعوا المحکم۔** (مشکوٰۃ صفحہ۔۳۱)

اور امام بیہقی نے 'شعب الایمان' میں اس حدیث کو روایت کیا اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔ ''اور حلال پر عمل کرو، حرام سے اجتناب کرو اور محکم کا اتباع کرو''۔

اس حدیث کے پہلے حصے میں معلم اعظم سید اعظم حضرت رسول اکرم ﷺ نے قرآن کریم کی آیات کو پانچ قسموں میں تقسیم فرما کر تفکر و تدبر کی راہیں کھول دیں اور دوسرے حصے میں قرآن کریم پر عمل کرنے کا طریقہ تفصیل سے سمجھا دیا ہے۔ حلال و حرام کی تشریح کی تو ضرورت نہیں ہے۔ محکم سے مراد وہ آیاتِ قرآنی ہیں جن کا مفہوم اتنا واضح ہے جس کی تعیین میں کوئی الجھن پیش نہیں آتی۔ جیسے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کلام قرآن میں نقل کیا گیا ہے۔

قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰہِ۔ اٰتٰنِیَ الْکِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا۔ وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَا کُنْتُ وَ اَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَادُمْتُ حَیًّا۔ وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا۔ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا۔ (مریم:۳۰۔۳۳)

ترجمہ: ''بچہ (عیسیٰ علیہ السلام) بول اٹھے کہ میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اُس نے مجھے کتاب دی اور

نبی بنایا اور بابرکت کیا جہاں بھی میں رہوں اور مجھے نماز اور زکوٰۃ کی پابندی کا حکم دیا جب تک میں زندہ رہوں اور اپنی والدہ کا حق ادا کرنے والا بنایا اور مجھ کو جبار اور شقی نہیں بنایا۔ سلام ہے مجھ پر جب کہ میں پیدا ہوا اور جب کہ میں مروں اور جب کہ زندہ کر کے اٹھایا جاؤں''۔

اِن آیات سے واضح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک عورت کے شکم سے اعجازِ قدرت کے ساتھ پیدا ہوئے اس لیے انسان ہیں۔ وہ عبداللہ اور نبی اللہ ہیں، اللہ یا ابن اللہ ہرگز نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کو بابرکت کیا وہ جہاں بھی ہوں۔ اللہ نے ان کو نماز اور زکوٰۃ کی پابندی کا حکم دیا۔ اپنی ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا بنایا۔ ان کو جبار اور شقی نہیں بنایا۔ جس طرح ان کی ولادت ہوئی ہے ان کو موت بھی آئے گی۔ وہ پیدا ہونے سے لے کر مرنے تک اور مرنے کے بعد قیامت کے روز جی اٹھنے کے بعد بھی اللہ کی رحمت کے محتاج ہیں۔

متشابہ سے مراد وہ آیات ہیں جن کا مفہوم خود اُن سے تو واضح نہیں ہوتا لیکن جب ان پر محکم آیات کی روشنی میں غور کیا جائے تو ان کا مفہوم بالکل واضح اور متعین ہو جاتا ہے جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۔ اَلْقٰهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۔ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۔ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۔ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۔ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (النساء:۱۷۱)

ترجمہ: مسیح ابن مریم اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اللہ کا ایک رسول تھا اور ایک فرمان تھا جو اللہ نے مریم کی طرف بھیجا اور ایک روح تھی اللہ کی طرف سے (جس نے مریم کے رحم میں بچے کی شکل اختیار کی)۔ پس تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور نہ کہو کہ تین ہیں۔ باز آجاؤ۔ یہ تمہارے ہی لیے بہتر ہے۔ اللہ تو بس ایک ہی الٰہ ہے۔ وہ بالاتر ہے اس سے کہ کوئی اس کا بیٹا ہو۔ زمین اور آسمان کی ساری چیزیں اس کی مِلک ہیں اور ان کی کفالت و خبر گیری کے لیے بس وہی کافی ہے۔

اس آیت میں کلمتہ القٰھا الیٰ مریم و روح منہ'' وہ اللہ کا ایک فرمان تھا جو اللہ نے مریم کی طرف بھیجا

اور ایک روح تھی اللہ کی طرف سے'' کے الفاظ چوں کہ اپنے مفہوم کو کامل طور پر واضح اور متعین نہیں کرتے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اسی آیت میں ایسے الفاظ نازل فرما دیے جو ان کا مفہوم واضح طور پر متعین کر دیں۔ چنانچہ ارشاد ہوا۔

۱۔ مسیح ابن مریم اس کے سوا کچھ نہ تھا بلکہ اللہ کا ایک رسول تھا۔

۲۔ ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولوں پر۔

۳۔ تین نہ کہو۔ ۴۔ تین کہنے سے باز آؤ۔

۵۔ اللہ صرف ایک ہی ہے۔ ۶۔ اللہ اولاد سے پاک ہے۔

۷۔ وہ آسمانوں اور زمین کا مالک ہے (یعنی کائنات کے ساتھ اس کا تعلق مالک و مملوک کا ہے۔ کسی چیز کے ساتھ والد و مولود کا تعلق نہیں ہے)۔

۸۔ سب کی کفالت و کارسازی کے لیے وہ اکیلا ہی کافی ہے (اس کو کسی معاون یا بیٹے کی ضرورت نہیں ہے)۔

ان آٹھ محکم اور واضح المعنی الفاظ کی روشنی میں ان الفاظ کا مفہوم خود بخود واضح ہو جاتا ہے کہ۔

''عیسیٰ علیہ السلام خدا کا ایک فرمان تھا جو اس نے مریم کی طرف بھیجا اور ایک روح تھی اللہ کی طرف سے''۔

اور اس سے پہلے سورۃ مریم کی جو آیت درج کی گئی ہے اس کے کسی ایک لفظ میں بھی تردّد کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ان مثالوں سے ظاہر ہے کہ متشابہات کا مفہوم محکمات کی روشنی میں کس طرح متعین ہوتا ہے۔

'امثال' سے مراد گذشتہ اقوام کے عبرت آموز تاریخی حالات واقعات ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے اُمتِ محمدیہ کی عبرت اندوزی کے لیے بیان فرمایا ہے۔ جیسا کہ فرعون کی گمراہی اور نتیجتاً اس کی تباہی کا حال بیان فرما کر اللہ رب العزت نے خود ارشاد فرمایا۔

اِنَّ فی ذٰلك لَعِبرةً لمن یخشٰی۔

ترجمہ: یقیناً اس میں ڈرنے والوں کے لیے عبرت ہے''۔

یا یہودیوں کی گمراہی اور بدانجامی کا حال بیان کر کے فرمایا:

فاعتبروا یااولی الابصار

(اے آنکھوں والو عبرت حاصل کرو)۔

(جاری)

# ظہور قدسی (تذکرے)

## (2)

منظور حسین المعروف ماہر القادری

کعبہ سے ہٹ کر کچھ دُور پر جہاں عام الفیل میں ابرہہ کے لشکر نے حرم پر چڑھائی کے لیے آتے ہوئے آخری منزل کی تھی، چند دوکانیں ہیں۔ کچی دوکانیں! اور خس پوش بھی! کسی کسی کی محرابوں میں پکی اینٹیں بھی لگی ہیں، ان دوکانوں پر گھریلو ضروریات کا سودا سلف ملتا ہے، آٹا، چاول، ستو، نمک، زیتون کا تیل، کپڑا سینے کا دھاگا اور فصل کی ترکاریاں اور پھل بھی! گاہک آتے ہیں سودا لے کر چلے جاتے ہیں اور دکاندار اور ان کے دوست احباب پھر باتیں کرنے لگتے ہیں:

''کچھ سنا تم نے عبید! عبدالمطلب نے اپنے پوتے کے دو نام رکھے ہیں احمدؐ اور محمدؐ۔ ایک سانولی رنگت کے دوکاندار نے کہا:

بالکل نئے انداز کا نام ہے! میں انساب قریش کا ماہر ہوں اور نہ صرف نسب نامے مجھے یاد ہیں بلکہ عدنان کے حالات، مرہ کی زندگی، کلاب کی داستانِ حیات، لوی کے واقعات اور قصی کے کارنامے گن گن کر بتا سکتا ہوں، مجھے معلوم ہے کہ بنو بکر اور بنو تغلب کے درمیان جب اُونٹ چرانے پر جھگڑا ہوا تھا تو کس قبیلہ کے کتنے آدمی مارے گئے تھے، (تمہاری اس خصوصیت پر تو بنو خزیمہ ناز کرتے ہیں۔ انہی لوگوں میں سے ایک بول پڑا، اس پر ماہر انساب مسکراتا ہے) آدمی تو آدمی میں یہ تک بتا سکتا ہوں کہ اُمیہ جس گھوڑے پر چڑھا کرتے تھے اس کی نسل کے گھوڑے کہاں کہاں ہیں؟ اور یہ ابوسفیان کے پاس جو تلوار ہے اسے نجد کے حاکم نے حرب کو کب اور کیوں دی تھی؟ یہی نہیں کھجوروں تک کے نسب مجھے یاد ہیں! (ارے صاحب! آپ تو اس بحرِ بیکراں کے شناور ہیں! خطاب اس فن میں آپ کی برابری کریں تو کریں، اور تو کوئی مکہ میں آپ کے جوڑ کا نظر نہیں آتا۔ سننے والوں میں سے ایک نے کہا۔ اور بوڑھے کے لہجہ میں احساسِ فکر نے اور زور پیدا کر دیا۔) یہ جو حطامہ کا باغ خوش ذائقہ کھجوروں کے لیے سارے حجاز میں مشہور ہے

اس نسل کا سلسلہ قبیلہ طے کے اس نخلستان تک پہنچتا ہے جو معرکہ نجار میں اُجڑ گیا، کہوتو ملوکِ حیرہ کی داستانیں سنادوں، قبطیوں کے عروج وزوال کی تاریخ بیان کروں۔ (چچا جان! ابن عبداللہ کا ذکر ہورہا تھا۔ اس پر بوڑھے نے گہری سانس لی، تیز اور مسلسل گفتگو نے اسے تھکا سادیا تھا۔ بولا میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ احمدؐ اور محمدؐ آج تک کسی قریشی کا نام سننے میں نہیں آیا۔ بالکل نیا نام، اچھوتا نام مگر کتنا پیارا، اس نام کی طرف دل آپ ہی آپ کھنچا جاتا ہے۔

اس پر ایک ادھیڑ عمر کا عرب جورسی بٹ رہا ہے، اور کام کرنے میں باتیں بھی سنتا جاتا تھا، کہنے لگا:

میری سوتیلی ماں ابن عبداللہ کو دیکھ کرآئی ہے! وہ بتوں پر ہاتھ رکھ کر کہتی تھی کہ اس قدر ہنس مکھ، پیارا، ہونہار اور خوبصورت بچہ میں نے آج تک نہیں دیکھا، آنکھیں کسی طرح نظارہ کرتے کرتے سیر نہیں ہوتیں جی چاہتا ہے کہ بس دیکھتے ہی رہو! عبداللہ کے گھر والوں کو زبید کی خوبصورتی پر بہت ناز ہے، زبید واقعی بہت خوبصورت ہے مگر آمنہ کے نورنظر کے تلوے اس زبید کے گالوں سے زیادہ روشن ہیں، میں کہتی ہوں عبدالمطلب کے گھر میں اب چراغ جلانے کی ضرورت نہیں ہے محمد ﷺ کا چہرہ نور سراجِ منیر ہے۔

دارالندوہ میں بھی اعیانِ قریش اِسی موضوع پر گفتگو کررہے تھے اُن کی باتیں:

ابن عبداللہ کا ہر گھر میں چرچا ہے۔

جی ہاں! یہی حال ہے، اُمیہ نے بیٹا پیدا ہونے کی خوشی میں سارے مکہ کی دعوت کی تھی مگر یہ شہرت اور قبولِ عام تو اسے بھی نصیب نہیں ہوا۔

آج جب میں کعبہ کا طواف کررہا تھا تو ابن عبداللہ کی پیدائش کے خیال کے ساتھ ہی مجھے ایسا محسوس ہوا۔ جیسے کوئی میرے کان میں کہہ رہا ہے کہ عرب کی تاریخ کا سب سے زیادہ روشن بلکہ غیرفانی ورق اُلٹنے والا ہے۔ اور میرا خواب۔ آپ لوگ نہ سنیں تو اچھا ہے، آپ کو دُکھ ہوگا سب نے مل کر کہا، نہیں نہیں یہ نہیں ہوسکتا، جب بات زبان پر آگئی ہے تو اُسے کہہ ڈالنا ہی اچھا ہے، میں نے رات خواب میں دیکھا کہ میں شراب پینا چاہتا ہوں مگر کسی نے میرے ہاتھ سے پیالہ چھین کر پھینک دیا، میں نے اپنے معبود یعوق کو سجدہ کرنا چاہا تو ایک ہاتھ نے مجھے پکڑ کر سیدھا کردیا کہ اب بتوں کی پوجا نہ ہوا کرے گی (سردارانِ قریش کے ماتھے پر پسینہ آگیا) اور میں نے اپنی داشتہ ذہبہ کی طرف بڑھنے کی کوشش کی تو مجھے کسی نے جھٹکا مار کر پلنگ سے نیچے گرادیا کہ ان بدکاریوں کو اب ختم کردو۔

(ایک بوڑھا قریشی جس کی بھویں تک سپید ہوگئی تھیں) خواب بہت زیادہ خوفناک ہے، میں نے بڑی بڑی خون ریز جنگوں میں پامردی کا ثبوت دیا ہے اور کبھی ہمت نہیں ہاری مگر نہ جانے کیوں اس خواب کے سننے سے دل بیٹھا بیٹھا سا جاتا ہے۔ (ہاتھ اٹھا کر) عزیٰ میرے دل کو سنبھال! لات! مجھ میں جرأت پیدا کر! منات! یہ ہم کیا سن رہے ہیں تیری خدائی کے جھنڈے کہیں جھک نہ جائیں۔

(نوجوان عرب جوش میں آکر، اُکڑوں بیٹھتے ہوئے) کیسی بزدلانہ باتیں کر رہے ہو، ابومرجان! بتوں کی توہین کا پہلو نکلتا ہے تمہاری گفتگو سے! میں ڈرتا ہوں کہ کہیں تم ہمارے خداؤں کے عذاب میں مبتلا نہ ہو جاؤ! خواب کی باتیں سن کر تمہارے چھکے چھوٹ گئے تم تو کہتے تھے کہ بنی کنانہ سے جب لڑائی ہوئی تھی تو مجھ اکیلے نے بیس دشمنوں کی تلواریں بیکار کر دی تھیں اور میرا گھوڑا بہت دیر تک لاشوں پر دوڑتا رہا، مگر آج تو تمہاری مردانگی مفلوج ہو رہی ہے، معلوم ہوتا ہے تمہارے بال دھوپ میں سفید ہوئے ہیں جب بھی تو خواب وخیال کو اتنی اہمیت دے رہے ہو، میں ابھی ابھی نائلہ کی پوجا کر کے آرہا ہوں، راستہ میں میری معشوقہ غزالہ مل گئی، اس نے تیز شراب کے دو تین پیالے پلا دیے، پھر اس کی چھوٹی بہن نے طرفہ کا یہ شعر گا کر سنایا:

''دل کی لگی شراب ہی سے بجھتی ہے اور کبھی آتش دل بھڑک بھی جاتی ہے، اسی لگانے بجھانے میں زندگی کا لطف ہے''۔

(قریش کا ایک سردار جس کی ڈاڑھی گھنی اور سر کے بال الجھے الجھے سے تھے) جب شعر شاعری کا ذکر چھڑ گیا ہے، تو مجھ سے بھی دو شعر سن لیجئے، آج ہی کہے ہیں! عبدالمطلب کے بیٹے کی ولادت باسعادت کا حال سن کر:

''عبداللہ بیابان میں ہے اور اس کے گھر میں چاند نکلا ہے، کاش اس تک یہ پیام پہنچ سکتا''۔

''بنی ہاشم پہلے ہی سے مفخر اور محترم تھے مگر اب اُن کی جبیں فخر آسمان سے بھی اونچی ہوگئی۔ یہ عزتیں قسمت والوں کو ہی ملتی ہیں:

''احسنت، مرحبا، صدقت یا ابن عم کی صدائیں گونجنے لگیں۔

مرحبا سیدی، مکی ، مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

# رسول اکرم ﷺ کے لعاب مبارک کی برکات

(2)

سید لعل شاہ بخاریؒ

## حضرت خالد بن ولیدؓ

غزوہ حنین میں حضرت خالد بن ولیدؓ کے پاؤں پر زخم لگا۔ جب لڑائی ختم ہو چکی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا، آپ ﷺ حضرت خالدؓ کی قیام گاہ پوچھتے ہوئے ان کے پاس آئے دیکھا کہ وہ کجاوے سے ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے ہیں۔ آپ ﷺ نے ان کے زخم پر ایک نگاہ ڈالی اور اس پر لعاب دھن لگا دیا، زخم اچھا ہو گیا۔

(سیرت النبیؐ ۳/ ۶۲۷ بحوالہ مسند احمد ۴/ ۸۸، عبدالرزاق، عبد بن حمید و بن عساکر)

## پانی میں برکت

حضرت عمران بن حصینؓ ایک طویل روایت میں کسی سفر کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہمیں سخت پیاس لگی تھی بلکہ ایک ساتھی نے غسل بھی کرنا تھا، لیکن پانی نہیں تھا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی تعمیل میں ہم پانی کی تلاش میں نکلے تو دیکھا کہ ایک عورت اونٹ پر پانی کی چھاگلوں کے درمیان پاؤں لٹکائے جا رہی ہے۔ اس نے ہمیں بتایا کہ یہاں پانی کا کوئی چشمہ نہیں اس کے گھر اور پانی کے درمیان ایک دن رات کا فاصلہ ہے۔ ہم نے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں پیش کر دیا۔ یہاں بھی اس نے وہی جواب دیا۔ اور کہا کہ میں بیوہ عورت ہوں اور میرے بچے یتیم ہیں۔ حکم نبویؐ سے اس کی اونٹنی بٹھائی گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی فرما کر وہ پانی چھاگلوں میں ڈال دیا۔ اس کے بعد وہاں موجود چالیس افراد نے خوب سیر ہو کر پانی پیا، اپنے برتن اور مشکیزے سب پانی سے بھر لیے بلکہ اس ساتھی نے غسل بھی کیا۔ اس کے باوجود (اس عورت کے پانی میں کوئی کمی نہ آئی بلکہ) چھاگلیں پانی کے جوش سے پھٹی پڑتی تھیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو بچوں کے لیے کچھ روٹی کے ٹکڑے اور کھجوریں دے کر رخصت

فرمایا۔ اس واقعہ سے وہ عورت اور اس کا سارا قبیلہ مسلمان ہوگیا۔ (بخاری۔ مسلم)

## حضرت حبیبؓ کی گردن درست ہوئی

غزوہ بدر میں تلوار کی ضرب سے حضرت حبیبؓ کی گردن زخمی ہوکر ٹیڑھی ہوگئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دھن ڈالا اور اپنے مبارک ہاتھ سے گردن کو سیدھا کیا، گردن فوراً درست اور تندرست ہوگئی۔

(سیرت حلبیہ ۳/ ۳۴۹)

## کلثوم ابن الحصینؓ کی زخمی نحر (ہنسلی) تندرست ہوگئی

غزوہ اُحد میں حضرت کلثوم ابن الحصینؓ کے گلے کے نیچے ہنسلی (نحر) پر تلوار کا زخم آگیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زخم پر اپنا لعابِ دھن ڈالا تو وہ تندرست ہوگئی۔ (سیرت حلبیہ ۳/ ۳۴۸)

## حضرت عبداللہ بن انیسؓ کا زخم جاتا رہا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن انیسؓ کے زخم پر اپنا لعاب دھن ڈالا تو ان کا درد جاتا رہا۔

(سیرت حلبیہ ۳/ ۳۴۸)

## حضرت زید بن معاذؓ کے زخم درست ہوگئے

کعب بن اشرف یہودی کو قتل کرتے وقت حضرت زید بن معاذؓ کے سر اور پاؤں تلوار سے زخمی ہوگئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زخموں پر اپنا لعاب دھن ڈالا تو وہ بالکل تندرست ہوگئے۔ (سیرت حلبیہ ۳/ ۳۴۸)

## ٹوٹی ہوئی ٹانگ درست ہوگئی

یہ ایک مشہور و معروف واقعہ ہے کہ ابو رافع نامی ایک بد بخت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچاتا تھا، جب اس کی ایذاء رسانی حد سے متجاوز ہوگئی تو مجسم رحمت حضور کریم ﷺ نے اسے واصل جہنم کردینے کے لیے ایک جماعت متعین فرمائی جس میں عبداللہ بن عتیکؓ بھی شامل تھے اور اسی محب رسول کریمؐ، بطل عظیم نے ابو رافع کو قتل کرکے جہنم رسید کردیا۔ یہاں قتل کی تفصیلات کا تذکرہ مقصود نہیں۔ حضرت عبداللہ اس کے قتل سے فارغ ہوکر واپس ہورہے تھے کہ لغزش کھاکر سیڑھیوں سے گرگئے اور ایک ٹانگ ٹوٹ گئی۔ اپنی پگڑی اتار کر ٹانگ کس کر باندھی اور یہ خیال کرکے کہ خدا جانے وہ میرے وار سے مرا بھی ہے کہ نہیں، وہیں صبح کے انتظار میں لیٹ گئے۔ یہاں تک کہ منادی نے ابو رافع کی موت کا

اعلان کیا۔ حضرت عبداللہؓ نے واپس آکر اپنے ساتھیوں کو اپنی کامیابی وکامرانی کی بشارت دی اور دربار رسالت میں حاضر ہوکر پورا واقعہ عرض کیا اور ٹانگ ٹوٹ جانے کی شکایت کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (ابسط الرجل) اپنی ٹانگ دراز کر، انہوں نے تعمیل کی (فمسحها رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يشك بعد)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی ٹانگ پر اپنا مبارک ہاتھ پھیرا، پھر اس کے بعد انہیں کبھی شکایت نہ ہوئی۔

راقم السطور کہتا ہے کہ صحیح بخاری کی ایک روایت میں دم کرنے کا ذکر بھی ہے اور کسی روایت میں لب مبارک لگانے کا تذکرہ نہیں۔ بندہ حقیر کا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھوں پر پہلے اپنا لعاب دھن لگایا اور پھر مسح کیا، جس طرح حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے پاؤں کو مسح فرمایا۔ بندہ نے کسی کتاب میں اس کا تذکرہ بھی دیکھا تھا۔ لیکن اس وقت حوالہ یاد نہیں ویسے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم جب دم فرماتے تھے تو اس طرح چھوکرتے کہ اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ریق مبارک۔ تھوک۔ کی آمیزش ہوتی تھی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## رسول اللہ ﷺ کے لعاب مبارک کا ایک حیرت انگیز واقعہ

ایک صحابی حضرت عتبہ ابن فرقدؓ کے جسم سے نہایت عمدہ خوشبو آتی تھی۔ صحابہ کرامؓ نے رشک کیا اور کوشش سے بڑی عمدہ عمدہ خوشبوئیں لاکر اپنے جسموں کو معطر کیا تاکہ عتبہؓ سے بڑھ جائیں مگر ایسا نہ ہوسکا۔ آخر حضرت عتبہؓ سے اصل ماجرا دریافت کیا۔ جس پر انہوں نے درج ذیل حیرت انگیز واقعہ بیان کیا۔

مجھے عہد نبوی میں ایک تکلیف پہنچی تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی۔ مجھے آپ ﷺ نے کپڑے اتار کر ننگا ہوجانے کا حکم دیا۔ میں نے کپڑے اتاردیے۔ (وقعدت بين يديه) اور اپنی شرمگاہ پر قمیض ڈال دی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک پر لعاب لگایا اور دوسرے ہاتھ پر ملا اور پھر دونوں ہاتھوں سے میری پشت اور پیٹ پر مسح فرمایا۔ پس اس روز سے میرا جسم خوشبودار ہوگیا۔

(سیرت الحلبیہ ۳/۳۴۹)

راقم السطور کہتا ہے کہ اس خوشبو کا بھلا کون مقابلہ کرسکتا ہے۔ ایک صحابیہؓ اس غرض سے آپ ﷺ کے پسینہ مبارک کے قطرے جمع کرلیتی تھیں۔

## رسول اللہ کے لعاب مبارک سے خشک کنواں جوش مار کر اُبل پڑا اور اس میں پانی کی فراوانی ہوگئی

صلح حدیبیہ کا واقعہ مشہور ومعروف ہے۔ حدیبیہ ایک کنویں کا نام ہے۔ جس کے نام پر وہ مقام مشہور ہوا۔

حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ اس موقعہ پر ہماری تعداد چودہ سوتھی اور کنواں خشک تھا (نیچے کچھ پانی ہوتو ہو) ہم پیاس کی شدت سے بیتاب ہوگئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضر ہوکر شکایت کی۔ آپ ﷺ کنویں پر تشریف لائے۔ حدیث مبارکہ کا ترجمہ ہے:

پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کنویں کے کنارے پر بیٹھ گئے، پانی منگایا، کلی کی اور کنویں میں پھینک دی، کچھ دیر نہ گزری تھی کہ پانی اُبل آیا۔ ہم سب نے سیر ہوکر پیا، اور ہماری سواریوں نے بھی شکم سیر ہوکر پیا۔ (ملخص من صحیح البخاری ۱/ ۵۰۵، دلائل النبوۃ للبیہقی ۴/ ۱۱۰)

## لعاب مبارک سے طعام میں برکت کا ظہور

حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ غزوۂ خندق کے موقع پر، جب خندق کھودی جارہی تھی، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ بھوک کی شدت سے آپ ﷺ کا مبارک پیٹ سخت سکڑا ہوا ہے۔ میں اپنے گھر آیا اور بیوی سے بات کی۔ اس نے ایک تھیلہ میں صاع بھر جو نکال کر دیے کہ گھر میں یہی کچھ ہے۔ جو پیسے گئے۔ ہمارے ہاں بھیڑ کا ایک بچہ بھی تھا، میں نے اسے ذبح کیا اور گھر والوں سے کہا اسے پکاؤ اور خود رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی یارسول اللہ ﷺ! آپ ہمارے ہاں کھانا کھائیں اور کچھ ساتھی بھی جو آپ مناسب خیال فرمائیں ساتھ لیتے آئیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے پکارا (یااھل خندق ان جابراقدصنع لکم سورافحی ھلابکم) اے اہل خندق! جابر نے تمہارے لیے کھانا تیار کیا ہے۔ پس تم تیار ہوکر آؤ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ جاؤ! چولہے سے ہنڈیا مت اتارنا اور میرے آنے سے پہلے گوندھا ہوا آٹا مت پکانا۔ مختصر یہ کہ جملہ اہل خندق، جن کی تعداد ایک ہزار تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹے میں اپنا لعاب دھن ڈالا اور برکت کی دعا فرمائی، ہنڈیا میں بھی لعاب دھن ڈالا اور برکت کی دعا فرمائی، جملہ ساتھیوں نے سیر ہوکر کھایا (فاقسم لاکلواحتی ترکوا) میں قسمیہ کہتا ہوں کہ ہزار آدمیوں نے پیٹ بھر کر کھایا اور کھانا روٹی سب اسی طرح بچ گیا گویا کسی نے کھایا ہی نہیں۔ (مخلص من صحیح بخاری ص: ۴۳۲/ ۵۸۸/ ۵۸۹)

# نبی کریم ﷺ اپنے گھر میں

(2)

سید سلیمان ندویؒ

## ساتھ کھانا

آپ ﷺ اکثر حضرت عائشہؓ کے ساتھ ایک دستر خوان، بلکہ ایک ہی برتن میں کھانا کھاتے تھے۔ایک دفعہ ایک ساتھ کھانا کھا رہے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گزرے۔آپ نے ان کو بھی بلالیا، اور تینوں نے ایک ساتھ کھانا کھایا۔(اس وقت تک پردہ کا حکم نہیں آیا تھا) کھانے میں بھی محبت کا یہ عالم تھا۔(کہتی ہیں: نبی کریم ﷺ مجھ سے برتن لے کر اسی جگہ منہ مبارک رکھ کر پانی پیتے، جہاں سے میں نے پیا ہوتا۔اسی طرح میں ہڈی سے گوشت کترتی تو اس کے بعد نبی کریم ﷺ مجھ سے ہڈی لیتے اور اسی جگہ منہ مبارک رکھ کر گوشت کھاتے جہاں سے میں نے کھایا ہوتا۔(حالاں کہ آپ حائضہ ہوتیں)۔راتوں کو گھر میں چراغ نہیں جلتا تھا، اس لیے کبھی کبھی دونوں کا ہاتھ ایک ہی بوٹی پر پڑ جاتا تھا۔

ایک دفعہ ایک ایرانی پڑوسی نے آپ ﷺ کی دعوت کی، آپ ﷺ نے فرمایا، عائشہؓ بھی ہوں گی؟ اس نے کہا، نہیں۔ارشاد ہوا، تو میں بھی قبول نہیں کرتا۔میزبان دوبارہ آیا، اور یہی سوال وجواب ہوا، اور وہ واپس چلا گیا تیسری دفعہ پھر آیا۔آپ ﷺ نے پھر فرمایا، عائشہ رضی اللہ عنہا کی بھی دعوت ہے؟ عرض کیا، جی ہاں! اس کے بعد آپ ﷺ اور حضرت عائشہؓ اس کے گھر گئے۔

سفر میں تمام ازواج تو ساتھ نہیں رہ سکتی تھیں اور کسی کو خاص طور پر ترجیح دینا بھی خلاف انصاف تھا، اس بنا پر آپ ﷺ سفر کے وقت قرعہ ڈالتے تھے۔جن کا نام آتا وہ شرف ہمراہی سے ممتاز ہوتیں۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی متعدد سفروں میں آپ ﷺ کے ساتھ رہی ہیں۔حدیبیہ کے سفر میں بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہمراہ تھیں، اور حجۃ الوداع میں تو اکثر ازواج ساتھ تھیں، جن میں ایک یہ بھی تھیں۔

## ساتھ دوڑنا

ایک غزوہ میں حضرت عائشہؓ رفیقِ سفر تھیں۔تمام صحابہؓ کو آگے بڑھ جانے کا حکم دیا۔حضرت عائشہؓ سے فرمایا، آؤ دوڑیں، دیکھیں کون آگے نکلتا ہے۔یہ دبلی پتلی تھیں، آگے نکل گئیں۔کئی سال کے بعد اسی قسم کا پھر ایک موقع آیا۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ اب میں بھاری بھرکم ہوگئی تھی۔اب کی بار آں حضرت ﷺ آگے نکل گئے اور فرمایا، عائشہؓ یہ اس دن کا جواب ہے۔

## نازوانداز

دریائے محبت کی بہت سی لہریں عورت کی خالص نسوانی خصوصیات کے اندر پنہاں ہیں۔نازوانداز عورت کی فطرت ہے۔اس قسم کے واقعات جو احادیث میں مذکور ہیں، لوگ ان کو قابلِ تنقید سمجھتے ہیں۔وہ ان کو اس نظر سے دیکھتے ہیں کہ ایک امتی کا اپنے پیغمبر کے ساتھ یہ خطاب ہے، اور اس کو بھول جاتے ہیں کہ ایک بیوی اپنے شوہر سے باتیں کررہی ہے۔چناں چہ اس قسم کے جو چند واقعات صحاح میں ہیں، وہ اسی حیثیت کے ہیں اور ان کو اسی نظر سے پڑھنا اور سمجھنا چاہیے۔

فرماتی ہیں کہ جب یہ حکم اترا کہ اگر کوئی عورت اپنے آپ کو پیغمبر کے حوالے کردے (یعنی مہر معاف کر کے زوجیت میں داخل ہو) تو جائز ہے، تو مجھے غیرت آئی کہ کیا کوئی عورت ایسا بھی کرسکتی ہے۔لیکن جب ارجاء کی آیت اتری، جس میں آپ ﷺ کو اختیار دیا گیا تھا کہ آپ ﷺ جس بیوی کو چاہیں پاس بلائیں یا اس کے پاس رات گزاریں اور جس کو چاہیں نہ بلائیں، تو میں نے کہا کہ "آپ ﷺ کا خدا، دیکھتی ہوں کہ آپ ﷺ کی ہر خواہش کو جلد پوری کردیتا ہے"۔(حضرت عائشہؓ کے اس قول کا منشا نعوذ باللہ اعتراض نہیں بلکہ بیوی کا محبوبانہ ناز ہے۔آں حضرت کا معمول اس اجازتِ الٰہی کے بعد بھی یہی رہا۔آپ ﷺ ہر روز ازواج سے باری کی اجازت طلب فرمالیا کرتے تھے)

آپ ﷺ حضرت خدیجہؓ کو اکثر یاد کیا کرتے تھے، جس سے دوسری مدعیِ محبت بیویوں کو تکلیف ہوتی تھی۔ ایک دفعہ آں حضرت ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کی تعریف شروع کی، اور بہت دیر تک تعریف فرماتے رہے۔حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ مجھے اس پر رشک آیا، تو میں نے کہا، یا رسول اللہ ﷺ، آپ ﷺ قریش کی بوڑھیوں میں سے ایک بوڑھی عورت کا، جس کے ہونٹ لال تھے اور جس کو مرے ہوئے ایک زمانہ ہو چکا، اتنی دیر سے اتنی تعریف فرما رہے تھے، آپ ﷺ کو ان سے بہتر بیویاں خدا نے دی ہیں۔یہ سن کر حضور ﷺ کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔پھر فرمایا، یہ

میری وہ بیوی تھی کہ جب لوگوں نے میرا انکار کیا تو وہ ایمان لائی، اور جب لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے تو اس نے میری تصدیق کی، اور جب لوگ مجھے اپنی امداد سے محروم کر رہے تھے تو اس نے اپنی دولت سے میری غم خواری کی، اور اس سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اولاد عطا کی، جب کہ دوسری بیویوں سے مجھے اولاد سے محروم کیا۔

ایک دفعہ حضرت عائشہؓ کے سر میں درد تھا۔ آں حضرت ﷺ کا مرض الموت شروع ہو رہا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم میرے سامنے مرتیں، تو میں تم کو اپنے ہاتھ سے غسل دیتا، اور اپنے ہاتھ سے تمہاری تجہیز و تکفین کرتا، تمہارے لیے دعا کرتا۔ عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ آپ میری موت مناتے ہیں، اگر ایسا ہو جائے تو آپ ﷺ اسی حجرے میں نئی بیوی لا کر رکھیں۔ آں حضرت ﷺ نے یہ سن کر تبسم فرمایا۔

کہیں سے کوئی قیدی گرفتار ہو کر آیا تھا اور وہ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں بند تھا۔ یہ اِدھر عورتوں سے باتیں کر رہی تھیں، وہ اُدھر لوگوں کو غافل پا کر نکل بھاگا۔ آپ ﷺ تشریف لائے تو گھر میں قیدی کو نہ پایا۔ دریافت کیا تو واقعہ معلوم ہوا۔ غصہ میں فرمایا ''تمہارے ہاتھ کٹ جائیں''۔ پھر باہر نکل کر صحابہؓ کو خبر کی۔ وہ گرفتار ہو کر آیا۔ آپ ﷺ جب اندر تشریف لائے تو دیکھا کہ حضرت عائشہؓ اپنے ہاتھوں کو الٹ پلٹ کر دیکھ رہی ہیں۔ پوچھا، عائشہؓ کیا کرتی ہو۔ عرض کیا ''دیکھتی ہوں کہ کون سا ہاتھ کٹے گا''۔ آپ ﷺ متاثر ہوئے اور دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیے۔

آپ ﷺ نے ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ عائشہؓ، جب تم مجھ سے خوش رہتی ہو یا ناراض ہوتی ہو تو مجھ کو پتا لگ جاتا ہے۔ ناراض ہوتی ہو تو، ابراہیم کے خدا کی قسم، اور خوش رہتی ہو تو محمد ﷺ کے خدا کی قسم، کھاتی ہو۔ عرض کیا یارسول اللہ ﷺ صرف زبان سے نام چھوڑ دیتی ہوں۔

## خدمت گزاری

گھر میں اگرچہ خادمہ موجود تھی، لیکن عائشہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کا کام خود اپنے ہاتھ سے انجام دیتی تھیں، آٹا خود پیستی تھیں، خود گوندھتی تھیں، کھانا خود پکاتی تھیں، بستر اپنے ہاتھ سے خود بچھاتی تھیں۔ وضو کا پانی خود لا کر رکھتی تھیں۔ آپ ﷺ قربانی کے جو اونٹ بھیجتے، ان کے لیے خود قلادہ بٹتی تھیں۔ آں حضرت ﷺ کے سر میں اپنے ہاتھ سے کنگھا کرتی تھیں۔ جسم مبارک میں عطر مل دیتی تھیں۔ آپ ﷺ کے کپڑے اپنے ہاتھ سے دھوتی تھیں۔ سوتے وقت مسواک اور پانی سرہانے رکھتی تھیں، مسواک کو صفائی کی غرض سے دھویا کرتی تھیں۔ گھر میں آپ ﷺ کا کوئی مہمان آتا تو مہمانی کی خدمت انجام دیتیں۔ چناں چہ حضرت قیس غفاریؓ جو صفہ والوں میں سے تھے، بیان کرتے ہیں

کہ ایک دن آں حضورﷺ نے ہم لوگوں سے فرمایا کہ چلو عائشہؓ کے گھر چلو۔ جب حجرہ میں پہنچے تو فرمایا، عائشہؓ ہم لوگوں کو کھانا کھلاؤ۔ جو چونی کا پکا ہوا کھانا لائیں۔ آپﷺ نے کھانے کی کوئی اور چیز مانگی، تو چھوہارے کا حریرہ پیش کیا۔ پھر پینے کی چیز مانگی تو ایک بڑے پیالے میں دودھ حاضر کیا۔ اس کے بعد ایک اور چھوٹے پیالے میں پانی لائیں۔

(خود نبی کریمﷺ گھر کے کاموں میں پوری طرح شریک رہتے تھے۔ فرماتی ہیں: رسول اللہﷺ اپنی جوتیاں خود گانٹھ لیتے تھے، اپنا کپڑا خود سی لیتے تھے، اور اپنے گھر میں اسی طرح کام کرتے تھے جس طرح تم کرتے ہو۔ (فرمایا (آپﷺ آدمیوں میں سے ایک آدمی ہی تھے۔ اپنے کپڑوں کی جوئیں تک خود، دیکھ لیتے تھے، اپنی بکری خود دوہ لیتے تھے، اور اپنے کام خود کر لیتے تھے)۔

## احکام کی پیروی

حضرت عائشہؓ نے نو برس کی شب و روز کی طویل صحبت میں آپﷺ کے کسی حکم کی کبھی مخالفت نہیں کی بلکہ انداز و اشارہ سے بھی کوئی بات ناگوار سمجھی تو فوراً ترک کردی۔ ایک دفعہ حضرت عائشہؓ نے بڑے شوق سے دروازہ پر ایک تصویر والا پردہ لٹکایا۔ آپﷺ نے اندر داخل ہونے کا قصد کیا تو پردہ پر نظر پڑی، فوراً تیوری پر بل پڑ گئے، حضرت عائشہؓ یہ دیکھ کر سہم گئیں، عرض کیا، یا رسول اللہﷺ! قصور معاف، مجھ سے کیا خطا سرزد ہوئی۔ فرمایا، جس گھر میں تصویریں ہوں فرشتے نہیں داخل ہوتے۔ یہ سن کر حضرت عائشہؓ نے فوراً پردہ چاک کر ڈالا اور اس کو اور مصرف میں لے آئیں۔

## واقعہ اِفک

(یاد رہے کہ واقعہ اِفک میں منافقین نے حضرت عائشہؓ پر الزام لگا کر، خانہ نبویؐ میں آگ لگانے اور اسلام کے اتحاد میں رخنہ ڈالنے کی مہم چلائی۔ یہ دور حضورﷺ کے لیے سخت آزمائش کا دور تھا)۔

آپﷺ حضرت عائشہؓ کے پاس تشریف لے گئے۔ وہ بسترِ علالت پر پڑی تھیں۔ آنکھیں آنسوؤں سے پرنم تھیں۔ والدین داہنے بائیں تیمارداری میں مصروف تھے۔ آپﷺ قریب جا کر بیٹھ گئے اور حضرت عائشہؓ سے خطاب کر کے فرمایا، عائشہؓ اگر تم مجرم ہو تو توبہ کرو، خدا قبول کرے گا۔ ورنہ خدا خود تمہاری طہارت اور پاکی کی گواہی دے گا۔ والدین کو اشارہ کیا کہ آپﷺ کو جواب دیں، لیکن ان سے کچھ کہتے نہ بنا۔ یہ دیکھ کر حضرت عائشہؓ بیان

کرتی ہیں کہ میرے آنسو دفعۃً خشک ہو گئے، ایک قطرہ بھی آنکھوں میں نہ تھا، دل نے اپنی برأت کے یقین کی بنا پر اطمینان محسوس کیا، پھر خود جواب میں اس طرح گویا ہوئیں، اگر میں اقرار کرلوں، حالانکہ خدا خوب جانتا ہے کہ میں بالکل بے گناہ ہوں، تو اس الزام کے صحیح ہونے میں کس کو شک رہ جائے گا؟ اگر انکار کروں تو لوگ کب باور کریں گے؟ میرا حال اس وقت یوسفؑ کے باپ۔(کہتی ہیں کہ سوچنے پر بھی حضرت یعقوبؑ کا نام یاد نہ آیا)۔کا سا ہے، جنہوں نے کہا تھا فصبر جمیل۔

اب وہ وقت تھا کہ عالمِ غیب کی زبان گویا ہو، بالآخر وہ گویا ہوئی۔حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ آپ ﷺ پر وحی کی کیفیت طاری ہوئی، پھر مسکراتے ہوئے سر اٹھایا۔پیشانی پر پسینے کے قطرے موتیوں کی طرح ڈھلک رہے تھے،اور آیتیں (جو نازل ہوئی تھیں) تلاوت فرمائیں۔

(ماں نے کہا، لو بیٹی، اٹھو اور شوہر کے قدم لو۔حضرت عائشہؓ نے نسوانی فطرت وناز کے ساتھ جواب دیا: میں صرف اپنے خدا کی شکر گزار ہوں جس نے میری برأت ظاہر فرمائی، کسی اور کی ممنون نہیں)۔ (جاری)

---

جولوگ مشتعل ہوکر صرف لڑنا جانیں اور خاموش ہوکر دوررَس نتائج کی تیاری نہ کریں،ان کے لیے یہاں صرف بربادی کا انجام ہے، ناممکن ہے کہ خدا کی دنیا میں وہ کامیاب ہوسکیں، کیسی عجیب بات ہے کہ جو کامیابی پیغمبر ﷺ نے عدم تشدد اور نہ ٹکرانے کی پالیسی اختیار کر کے حاصل کی،اس کو بعض لوگ ٹکرانے کا طریقہ اختیار کر کے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔(سماجی تبدیلی کی حکمت عملی،اُسوہ حسنہ کے تناظر میں، از مفتی سعید الرحمٰن،ص،۲۱۔شاہ ولی اللہ میڈیا فاؤنڈیشن)

# تسلیم و رضا

## (اللہ کی مرضی پر صابر و شاکر رہنا)

نظیر اکبر آبادیؒ

نوٹ: زیرِ نظر کلام اُردو کے عظیم نامور ادیب اور دلوں کے طبیب نظیر اکبر آبادیؒ کی کتاب ''انتخاب نظیر اکبر آبادی'' سے لیا گیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بندہ مومن کے ہر حال میں اللہ کی رضا پر راضی رہنا چاہیے، اسی کا نام تسلیم و رضا ہے اگر کوئی لفظ سمجھ میں نہ آئے تو ''اُردو ڈکشنری'' سے مدد لیں (مدیر)

جو فقر میں پورے ہیں، وہ ہر حال میں خوش ہیں ہر کام میں، ہر دام میں، ہر حال میں خوش ہیں
گر مال دیا یار نے ، تو مال میں خوش ہیں بے زر جو کیا، تو اُسی احوال میں خوش ہیں
افلاس میں، اِدبار میں، اقبال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

چہرے پہ ملالت، نہ جگر میں اثرِ غم ماتھے پہ کہیں چین، نہ ابرو میں کہیں خم
شکوہ نہ زباں پر، نہ کبھی چشم ہوئی نم غم میں بھی وہی عیش، الم میں بھی وہی دم
ہر بات، ہر اوقات، ہر افعال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد، جو ہرحال میں خوش ہیں

گر یار کی مرضی ہوئی، سر جوڑ کے بیٹھے گھر بار چھڑایا، تو وہیں چھوڑ کے بیٹھے
موڑا انہیں جیدھر، وہیں منہ موڑ کے بیٹھے گدڑی جو سلائی ، تو وہی اوڑھ کے بیٹھے
گر شال اُڑھائی، تو اُسی شال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد، جو ہرحال میں خوش ہیں

گر اُس نے دیا غم، تو اُسی غم میں رہے خوش اور اُس نے جو ماتم دیا، ماتم میں رہے خوش

کھانے کو ملا کم، تو اُسی کم میں رہے خوش جس طور رکھا اُس نے، اُس عالم میں رہے خوش

دکھ درد میں، آفات میں، جنجال میں خوش ہیں

پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

جینے کا نہ اندوہ، نہ مرنے کا ذرا غم یک ساں ہے انہیں زندگی و موت کا عالم

واقف نہ برس سے، نہ مہینے سے وہ اک دم نے شب کی مصیبت، نہ کبھی روز کا ماتم

دن رات، گھڑی، پہر، مہ و سال میں خوش ہیں

پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

گر اُس نے اُڑھایا، تو لیا اوڑھ دو شالا کمل جو دیا، تو وہی کاندھے پہ سنبھالا

چادر جو اُڑھائی، تو وہی ہوگئی بالا بندھوائی لنگوٹی، تو وہیں ہنس کے کہا، لا

پوشاک میں، دستار میں، رومال میں خوش ہیں

پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

پانی جو ملا پی لیا، جس طور کا پایا روٹی جو ملی، تو کیا روٹی میں گزارا

دی بھوک اگر یار نے، تو بھوک کو مارا دل شاد رہے، کرکے کڑاکے پہ کڑاکا

اور چھال چبائی، تو اُسی چھال میں خوش ہیں

پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

گر اُس نے کہا، سیر کرو جاکے جہاں کی تو پھرنے لگے جنگل و بن، مار کے جھانکی

کچھ دشت و بیاباں میں خبر تن کی نہ جاں کی اور پھر جو کہا، سیر کرو حُسنِ بُتاں کی

تو چشم ورخ و زلف و خط و خال میں خوش ہیں

پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

قشقے کا ہوا حکم، تو قشقہ وہی کھینچا جُبے کی رضا دیکھی، تو جبہ وہیں پہنا

آزاد کہا 'ہوُ' تو وہی سر کو مُنڈایا جو رنگ کہا اُس نے ، وہی رنگ رنگایا

کیا زرد میں، کیا سبز میں، کیا لال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

کچھ اُن کو طلب گھر کی، نہ باہر سے انہیں کام
تکیے کی نہ خواہش ہے، نہ بستر سے انہیں کام
استقل کی ہوس دل میں، نہ مندر سے انہیں کام
مفلس سے نہ مطلب، نہ تونگر سے انہیں کام
میدان میں، بازار میں، چوپال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد جو ہر حال میں خوش ہیں

اُن کے تو جہاں میں عجب عالم ہیں، نظیرؔ آہ
اب ایسے تو دنیا میں ولی کم ہیں، نظیرؔ آہ
کیا جانے فرشتے ہیں، کہ آدم ہیں، نظیرؔ آہ
ہر وقت میں، ہر آن میں خرّم ہیں، نظیرؔ آہ
جس ڈھال میں رکھا، وہ اُسی ڈھال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد، جو ہر حال میں خوش ہیں

## اعتذار

محترم قارئین کرام! ''ماہنامہ فیض الاسلام'' کے اگست 2025ء کے شمارہ میں ایک آیت کریمہ میں املاء کی ایک غلطی راہ پاگئی ہے۔ صفحہ نمبر 18 ،سطر نمبر 11 ''ومالنالا نؤمن باالله ''میں لفظ ''لا'' ٹائپنگ میں رہ گیا ہے۔ برائے مہربانی لفظ ''لا'' کو ''نؤمن'' سے پہلے شامل کرلیں۔ شکریہ

(مدیر)

# ارشادات

# علی بن عثمان ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ

(1)

حکیم سید امین الدین دہلوی

حضرت خواجہ علی ہجویریؒ ان اولیاء کرام میں سے ہیں جنہوں نے علم و معرفت کے دیپ جلائے اور علم فضل کے آسمان پر بدر منیر بن کے چمکے، آپ کے ارشادات عالیہ سے کئی لوگوں کی زندگی کے رخ بدل گئے اور بندگان خدا میں شمار ہونے لگے۔ ان کے ارشادات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ (مدیر)

حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی زبان مبارک کا ایک ایک لفظ گنجینہ حکمت و معرفت ہے اور مسلمانوں کے روحانی و باطنی فروغ کے لیے انہوں نے کلمات طیبات کا ایک لازوال درس اپنی یادگار چھوڑا ہے۔ طالبان حق و صداقت اور تشنگان چشمہ معرفت کے لیے آپ کے کلمات اور اقوال درج ذیل ہیں۔

۱۔ فقیر کے لیے لازم ہے کہ بادشاہوں یا حاکموں کی جان پہچان اور ان کے میل جول کو اژدہا اور سانپ کی ہم نشینی اور دوستی خیال کرے کیوں کہ جب فقیر کو بادشاہ کا قرب حاصل ہوتا ہے تو اس کا سامان سفر اور توشہ برباد ہو جاتا ہے۔

۲۔ ترکی کلاہ سر پر رکھ لینے سے فقیری حاصل نہیں ہوتی۔ (فقیری تو شریعت کی غلامی سے حاصل ہوتی ہے) اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی پر کاربند رہو۔ اگر فقیر اس نیت سے فقیرانہ لباس پہنتا ہے کہ اس کو دولت مند کی ہم نشینی حاصل ہو جائے تو یقین جانو کہ وہ فقیر نہیں آتش پرست ہے جو غرور تکبر سے پُر ہے۔

۳۔ فقیر کے لیے مرشد کی حضوری سے بڑھ کر اور کوئی چیز درکار نہیں سچا مرشد وہ ہے جو دریائے معرفت کا غوطہ خور ہو۔

۴۔ جب فقیر مسافر مفلس، قلاش اور مصیبت زدہ ہوتا ہے تو صحیح معنوں میں فقیر ہوتا ہے چنانچہ ایک روایت میں

ہے کہ ایک روز جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فقر کے بارے میں کچھ فرما رہے تھے۔ تو صحابہ کرامؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! فقیر کو معرفت الٰہی کیونکر حاصل ہوتی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ بہتر جانتا ہے اتنے میں حضرت جبرائیل علیہ السلام جناب الٰہی سے یہ حکم لائے۔ فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبة المکذبین روئے زمین پر سیر و سیاحت کر کے دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا۔

۵۔ جب تو دیکھے تو اللہ تعالیٰ کی کاریگری کو دیکھ۔ تو اپنی شمع کا پروانہ بن جا۔ اور اس بات کا غم نہ کر کہ جان کو غم ہوگا۔ ہونے دو اس کا ہونا ہی بہتر ہے۔

۶۔ غرور کو اپنے جسم سے نکال۔

۷۔ اے طالب! تو اپنے حبیب اور لطیف کا غم اپنے وجود میں پیدا کر، راہ خدا کا مرد بن۔

۸۔ رات کو اٹھ کر عبادت کر۔ اپنے وجود کے سوراخ کشادہ کر۔

۹۔ بہت کم ہنسو کیوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فلیضحکوا قلیلاً ولیبکوا کثیراً ۔ پس چاہیے کہ ہنسیں کم اور روئیں بہت۔

۱۰۔ صبح کے وقت دریا پر جا اور حضرت خضر علیہ السلام سے محبت اور اسم مذکورہ کا ذکر کر۔ (یعنی اللہ کا ذکر) تا کہ تو منزل پر پہنچ جائے۔

۱۱۔ تجھے لازم ہے کہ نفسانی خواہشات کی طرف مائل نہ ہو۔

۱۲۔ لوگوں کی طرف سے جو بطور تحفہ پیش کش نظر نیاز ملے۔ فقراء میں تقسیم کر دے اس میں سے کوئی چیز بھی اپنے پاس نہ رکھ۔

۱۳۔ لوگوں کا میل جول ترک کر دے اور تنہائی اختیار کر لے۔

۱۴۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور چیز میں مشغول نہ ہو۔

۱۵۔ اگر کسی قبر یا مزار پر تیرا گزر ہو تو اسے پڑھ کر بخش تا کہ اسے آرام نصیب ہو اور وہ تیرے حق میں دعا کرے۔

۱۶۔ اگر کسی کی کھجور کی گٹھلی بھی تیرے پاس ہو تو اس کے حوالے کر دے۔ جو اس کا مالک ہے اور اپنے پاس نہ رکھ۔

۱۷۔ جب دوست کا کوئی بھید تجھے حاصل ہوا سے باہر نہ پھینک اور اس سے بیزار نہ ہو کیوں کہ اس سے تیرا بھلا ہوگا۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ جب منصور حلاج نے دوست کے بھید کا ایک ذرہ ظاہر کیا۔ جس کے بدلے اسے سر دینا پڑا اور اس کی معرفت خاک میں مل گئی۔

۱۸۔ اس میں شک نہیں کہ حضرت خضر علیہ السلام اولیاء اللہ کے دوست ہیں۔ بقا اور مشاہدہ ربانی اولیاء اللہ کے وسیلہ سے حاصل ہوتا ہے۔

۱۹۔ صلہ رحم کی دوستی تجھ پر فرض ہے۔

۲۰۔ تجھے لازم ہے کہ اپنے ماں باپ کو اپنا قبلہ سمجھے۔

۲۱۔ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو والدین کی قبر پر جا کر دعا کرے۔ تو اس کی مشکل حل ہو جاتی ہے۔

۲۲۔ نفس کافر ہے۔ حسب ذیل باتوں کے سوا نہیں مرتا۔ حق کی مدد، خاموشی، بھوک، تنہائی میل جول کا ترک اور اکیلے بیٹھ کر ہر دم خدا کی یاد کرنا۔

۲۳۔ تجھے لازم ہے کہ سچا عاشق بنے۔ اور اپنے پیر و مرشد کے قدموں میں جان دے دے مرشد کے قریب ہی رہے۔ ہر وقت مرشد کا دیدار کرتا رہے تاکہ تو حقیقت اور طریقت حاصل کرے۔

۲۴۔ سنو اور غور سے سنو۔ یہ باتیں تمہارے کام آئیں گی۔ یہ اچھی طرح یاد رکھو کہ اگر تم ارب پتی بھی ہو جاؤ، تو کیا ہو جائے گا آخر میں تم مٹھی بھر مٹی ہو۔ اور مٹی ہو جاؤ گے تم منی کا ایک قطرہ ہو۔ کیوں اس قدر غرور کرتے ہو۔ آخر کار جو کچھ تمہیں دنیا سے نصیب ہے وہ لے دے کر چار گز کفن ہے وہ بھی خدا جانے نصیب ہو گا یا نہ۔

۲۵۔ اے طالبو! غور کرو اور سمجھو غرور و تکبر چھوڑ دو۔

۲۶۔ راہ حق کے مرد بنو۔

۲۷۔ بیگانے کو اپنے پاس نہ آنے دو۔

۲۸۔ دولت کو عذاب سمجھو دولت اہل فاقہ کو دے کر دولت قربان کر دو اگر نہ دو گے تو قبر میں کیڑے بن کر کھائے گی اگر دے دو گے تو وہ تمہاری دوست بن جائے گی۔

۲۹۔ تمہارے ہاتھ پاؤں بھی تمہارے دشمن ہیں جب تم مر جاؤ گے۔ تو تمہارے پاؤں کہیں گے کہ تم بُری جگہ کیوں گئے تھے۔ ہاتھ کہیں گے تم نے غیر کی چیز کو کیوں اٹھایا۔ آنکھیں کہیں گی کہ تم نے کیوں بُری نگاہ سے دیکھا۔

۳۰۔ اپنے گناہوں کے لیے دن رات استغفار کرتے رہو۔

۳۱۔ استاد کا حق بجالاؤ۔

۳۲۔ کمزور لوگوں پر رحم کرو۔

۳۳۔ حرام لقمہ نہ کھاؤ۔

۳۴۔ بے عزتی کی جگہ پر قدم نہ رکھو جو عزت کرے اس کے پاس بیٹھو۔

۳۵۔ دس چیزیں دس چیزوں کو کھا جاتی ہیں۔توبہ گناہوں کو۔جھوٹ رزق کو۔چغلی عمل کو۔غم عمر کو۔صدقہ بلا کو۔غصہ عقل کو، پچھتانا سخاوت کو۔تکبر علم کو۔نیکی بدی کو۔اور ظلم عدل کو۔فرمایا جوان باتوں پر عمل کرے۔اور میرے حق میں دعائے خیر کرے۔مجھے یادر کھے اور خدائے تعالیٰ کو پہچانے کسی غیر پر بالکل نگاہ نہ کرے۔

۳۶۔ طالب کو ضروری ہے کہ غرور، تکبر اور خود پسندی کو چھوڑ دے۔

۳۷۔ مندرجہ ذیل آٹھ کلمات پر عمل کرنے سے خداشناسی حاصل ہو جاتی ہے۔

ا۔ جب نماز ادا کر رہے ہو۔تو اپنے دل کو قابو میں رکھے۔

ب۔ جماعت کے یار بنے رہو۔

ج۔ جب کسی کے گھر جاؤ تو اپنی آنکھ کو محفوظ رکھو۔

د۔ جب لوگوں کے پاس آؤ تو زبان کی نگہداشت کرو۔

ہ۔ اللہ تعالیٰ بزرگ و بلند کو فراموش نہ کرو۔

و۔ موت کو نہ بھلادو۔ ز۔ جو نیکی کسی کے حق میں کرو اسے بھول جاؤ۔

ح۔ بدی جو تم سے کی جائے اسے فراموش کردو۔

۳۸۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرو یا اللہ میرے دل کو روشن چراغ بنادے۔اور مجھے اپنی یاد کا شوق بخش اور میرے دل کو غیر سے خالی کر میرے مرشد کو مجھ پر مہربان کر۔پہلے مجھے شکر بخش بعد ازاں دولت دے، پہلے مجھے کدورت سے پاک کر بعد ازاں اپنی طرف سے عنایت کر، پہلے مجھے صبر عنایت کر بعد ازاں مجھے بیماری دے یا اللہ مجھے وہ عمل عنایت کر جو بہت نیک اور عمدہ ہو مجھے اس بات کی توفیق دے جو پسندیدہ ہو۔

۳۹۔ مبتدی کو سماع نہیں سننا چاہیے یہ راستہ بہت مشکل ومحال ہے۔زوال کا زیادہ اندیشہ ہے۔

۴۰۔ گوشہ گیری اختیار نہ کر۔ بلکہ اللہ تعالیٰ سے مرشد کامل کی صحبت طلب کر اس کی محبت میں مجنوں بن جا۔

۴۱۔ دنیا پانی پر کشتی کی طرح ہے اور بے آب ملک ہے۔ تو غوطہ لگانے والا غوطہ خور بن۔ نہ کہ ڈوبنے والا۔

۴۲۔ ایسا کام کر کہ تجھ سے کسی کو فیض پہنچے کسی کا دل ناراض نہ کر۔

۴۳۔ محبت ایک کیفیت حال ہے اور حال کبھی قال نہیں ہوتا۔ یعنی محبت اگر زبردستی پیدا کرنا چاہو تو نہیں کر سکتے کیوں کہ یہ سراسر عطائے الٰہی ہے یہاں زور و زر کا کام نہیں۔

۴۴۔ دنیا کو کمینہ اور گھٹیا سمجھ۔ آخرت کا طالب بن دنیا کو فانی خیال کر۔

۴۵۔ موتی کا طالب بن۔ تاکہ تو مذکر او رنر ہو جائے۔

۴۶۔ طمع اور خواری کو اچھی طرح سمجھ لے۔

۴۷۔ دنیاوی مکر و عقل کو اپنے سے دور کر۔ ایمانی عقل کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کر۔

۴۸۔ مرشد کو اپنا قبلہ جان اس کے سامنے حاضر رہ کر اور نفس کو موٹا تازہ نہ بنا۔

۴۹۔ یادِ حق میں عمر بسر کر اپنے آپ کو سختی میں رکھ اور محنت کر تا کہ تو مرد کامل بن جائے۔

۵۰۔ اکیلے رہنا نہایت بے بہا چیز ہے اور بیش قیمت اسباب ہے مرشد کی حضوری ہر وقت اور ہر لحظہ رکھنی چاہیے۔

۵۱۔ مزاروں پر جا کر فاتحہ پڑھنی چاہیے تا کہ اہل مزار بھی دعا کریں۔

۵۲۔ یتیموں کے سر پر ہاتھ رکھنا چاہیے کیوں کہ یہ ایک بہترین فرض ہے۔

۵۳۔ نماز باجماعت ادا کرنی چاہیے دل سے وضو کرنا چاہیے۔

۵۴۔ اللہ تعالیٰ کی صفت ہر دم بیان کرنی چاہیے۔ کیوں کہ اس کے سوا نہ ہمارا کوئی پشت پناہ ہے، نہ فریاد رس۔

۵۵۔ اللہ تعالیٰ سے نیک اولاد مانگو۔

۵۶۔ اگر تم میں نکاح کرنے کی قوت ہے تو بیوی کرو کیوں کہ یہ سکون کی زندگی ہے اور پاک دامنی بھی۔

۵۷۔ دنیا خوشی کا مقام نہیں۔ سراسر درد ہے۔

۵۸۔ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے دم مارنے کی جگہ نہیں۔ وہ آقا ہے ہم اس کے بندے ہیں۔

۵۹۔ اے طالب، حق کا طالب بن۔ تکلیف سے نہ ڈر۔ فقیری مشکل ہے۔ علم سیکھ۔ علم پر عمل کر۔

# قائدملت خان لیاقت علی خان

پروفیسر ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم

اولادآدم میں آج تک ان گنت ایسی شخصیات پیدا ہوئی ہیں جنھوں نے اپنے زریں کارناموں سے انسانیت کی خدمت کی اور اپنے بعد آنے والی نسلوں کے لیے صفحۂ ہستی پر ایسے نقوش چھوڑ گئے جن کی تابش سے آج بھی جبینِ کہکشاں پائندہ وتابندہ ہے۔ خان لیاقت علی خان کا شمار بھی ایسی ہی ہستیوں میں ہوتا ہے۔ لیاقت علی خان، انسانیت وشرافت، دیانت وامانت وذہانت، سنجیدگی ومتانت، عزم وعمل، مردانگی وشجاعت اور ایثار وقربانی کا مجسمہ، قائداعظمؒ کے علم وحکمت کا عملی مقلد، بانی پاکستان کا سچا پیرو اور دست راست، پاکستان کا حقیقی پاسبان، سچا محب وطن، اقدار اسلامیہ کی ترویج کا شیدائی، بے باک مجاہد، بندۂ مومن، اعتدال پسند اور صلح جو انسان، جس کے اوصاف حمیدہ اور اعمال پسندیدہ نے ملت سے قائدملت کا لقب پایا۔ جس نے غازی کی زندگی گزاری اور شہید کی موت پائی۔ جس نے اپنا تن، من، دھن ملک وملت پر نثار کیا اور کہتا رہا میرے پاس روپیہ نہیں، جائیداد نہیں کہ تمھیں دوں، صرف ایک وعدہ کرتا ہوں کہ اگر ملک کی سالمیت وبقاء اور ملت کی عزت واحیاء کے لیے خون بہانے کی ضرورت پیش آئی تو لیاقت علی خان کا خون اس میں شامل ہوگا۔

وہ صادق القول قائدملت ۱۴۔ محرم الحرام ۱۳۷۱ھ بمطابق ۱۶۔ اکتوبر ۱۹۵۱ء لیاقت باغ راولپنڈی میں ایک شقی القلب، ننگ قوم وملت سید اکبر نامی شخص کے ہاتھوں پستول کی دو گولیاں کھا کر، شجرِ ملت کو اپنے لہو سے سینچ کر اپنا وعدہ وفا کر گیا ''برادران ملت'' کے الفاظ سے حاضرین کو خطاب کیا ہی تھا کہ دو گولیاں قلب کے زیریں حصے میں پیوست ہوگئیں۔ جونہی سٹیج سے گرے آپ کے قدیم رفیق کار، معتمد خاص اور سیاسی مشیر نواب صدیق علی خان اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راولپنڈی، مسٹر ہارڈی نے آپ کو سہارا دیا۔ گولیاں لگنے کی وجہ سے خون کا ایک فوارہ پھوٹا، جس سے سارا سٹیج اور نواب صدیق علی خان کے پارچات لت پت ہوگئے۔ غشی کی حالت میں کلمہ پڑھا اور فرمایا ''خدا پاکستان کی حفاظت کرے'' اللہ اللہ صد آفرین کہ موت کی دہلیز پر بھی قائدملت کو پاکستان کی حفاظت اور سالمیت

کا خیال اس حد تک دامن گیر تھا کہ انہوں نے موت کے منہ میں بھی اپنی آخری خواہش اور وصیت پاکستان کی بقاء اور تحفظ کے سلسلے میں فرمائی۔ لیاقت باغ سے آپ کو فوری طور پر کمبائنڈ ملٹری ہسپتال لے جایا گیا مگر ملک الموت نے مہلت نہ دی۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون

آپ نے حریت اسلام اور پاکستان کی حفاظت کی خاطر جانِ عزیز قربان کر دی۔ یہی وہ مقام شبیری ہے جسے جان کی بازی لگا کر اور خون میں غلطاں ہو کر ہی حاصل کیا جا سکتا ہے اور قائد ملت نے وہ مقام بلند پالیا۔ اسی روز شام سات بجے جب ریڈیو پاکستان نے خان لیاقت علی خان کی شہادت کی خبر نشر کی تو سارے ملک میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ چرخ عالم اسلام پر غم واندوہ کے بادل چھا گئے۔ پاکستان کے ہر شہر میں کاروبار حیات معطل ہو گیا۔ دکانوں پر تالے پڑ گئے سینما گھروں کی بتیاں گل ہو گئیں۔ دو روز کے لیے سرکاری دفتر بند کر دیے گئے۔ تین روز تک قومی پرچم سرنگوں رہا۔ چالیس روز تک ملک میں سوگ منایا جاتا رہا۔ دوسرے روز ۱۷۔ اکتوبر کو جب صبح پانچ بجے ان کی لاش کراچی پہنچائی گئی تو ان کی رہائش گاہ ۱۰۔ وکٹوریہ روڈ ایک ماتم کدہ بن گئی۔ ایسے معلوم ہوتا تھا کہ آنسوؤں اور آہوں کا طوفانِ عظیم امڈ آیا۔ تمام قوم قائد ملت کے غم میں زاروقطار رو رہی تھی۔ آپ کے دونوں صاحبزادے اشرف اور اکرم مجسمہ غم بنے اپنی ناگہانی یتیمی پر متحیر وساکت کھڑے تھے۔ ۱۶۔ اکتوبر کی صبح جب قائد ملت گھر سے راولپنڈی کے لیے عازمِ سفر ہونے لگے تھے تو آپ کے صاحبزادے اشرف نے آپ کا دامن پکڑ کر کہا تھا کہ ابا جان آج نہ جائیں مجھے ڈر محسوس ہو رہا ہے تو قائد ملت نے اپنے لخت جگر کی ڈھارس بندھاتے ہوئے فرمایا تھا کہ بیٹا مجھے راولپنڈی میں مسلم لیگ کے جلسہ میں ضروری شرکت کرنا ہے۔ پہلے بھی تو جاتا ہی ہوں، خوف کی کوئی بات نہیں جلد واپس آ جاؤں گا۔

جب لاش گھر پہنچی تو ان کے الفاظ کو یاد کر کے بیگم لیاقت علی اور ان کے صاحبزادے دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے۔ ۱۷۔ اکتوبر ڈیڑھ بجے مولانا احتشام الحق تھانویؒ نے پولو گراؤنڈ میں لاکھوں کے مجمع میں نماز جنازہ پڑھائی اور آخری دیدار کے بعد شہید کارواں، قائد اعظمؒ کے دستِ راست کو، قائد اعظمؒ کے مزار کے پہلو میں دفن کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جوارِ رحمت میں جگہ دے۔

۱۱۔ ستمبر ۱۹۴۸ء (قائد اعظمؒ کی وفات) کے بعد جب مایوسی اور ناامیدی کی بھیانک تاریکیاں ملک پاکستان کی نگاہوں کا نور چھین لینے میں سرگرم عمل تھیں اور ہر سو افسردگی، ناامیدی کے بادل امڈ آئے تھے تو عین اسی وقت

قائداعظمؒ کے نائب پاسبان ملتِ پاکستانیہ خان لیاقت علی خان نے روتی ہوئی قوم کے سر پر دستِ شفقت رکھ کر اہل پاکستان کی دستگیری فرمائی تھی اور پاکستان کی ہچکولے کھاتی ہوئی ناؤ کی ملاحی اپنے ذمہ لے لی تھی مگر وہ بھی پاکستان کی محافظت کو خدا کے حوالے کر کے ہمیں داغ مفارقت دے گئے۔ قائد ملت نے ۴۔ مارچ ۱۹۴۹ء کو اپنی تقریر کے دوران کہا تھا کہ ہم نے پاکستان کی مقدس سرزمین کے ایک ایک انچ کی حفاظت کا تہیہ کر لیا ہے۔ ہم یہ طے کر چکے ہیں کہ پاکستان کے لیے زندہ رہیں گے اور پاکستان کے لیے ہی مریں گے۔ لہٰذا انہوں نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا۔

جاں ہے تو کام آئے سدا اہل وطن کے
سر ہے تو اسے نذر وطن کرتے رہیں گے

قائد ملت خان لیاقت علی خان ضلع کرنال کے ایک نواب خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ جن کا شجرہ نسب نوشیرواں عادل سے ملتا ہے۔ ان کے آباؤ اجداد تقریباً ساڑھے پانچ سو سال پیشتر ہندوستان آ کر آباد ہو گئے تھے۔ لیاقت علی خان رستم علی کے گھر یکم اکتوبر ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۹۱۸ء میں علی گڑھ سے بی اے کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۱۹ء میں آکسفورڈ سے ایم۔ اے پاس کیا۔ ۱۹۲۲ء میں انگلستان سے بیرسٹرایٹ لاء کی ڈگری حاصل کر کے وطن واپس لوٹے تو ۱۹۲۳ء میں آل انڈیا مسلم لیگ سے منسلک ہو کر قائداعظمؒ کے مشیر خاص بن گئے۔ قائداعظم مسلم لیگ کے قائد کی حیثیت سے مسلمانوں کے حقوق تسلیم کرانے کے لیے سرگرم عمل تھے۔ لیاقت علی خان اس جدوجہد میں ہر موقعہ پر ان کا ساتھ دیتے رہے۔ ۱۹۴۳ء میں مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ کراچی میں اتفاق رائے سے مسلم لیگ کے سیکرٹری چنے گئے۔ ۴۶۔۱۹۴۵ء میں انتخابات ہوئے اس میں قائداعظمؒ نے انہیں اپنی جانب سے انتخابات کی نگرانی کا فرض سونپا آپ نے ملک کے وسیع تر دورے کر کے مسلمانوں کو لیگ کی حمایت کی ترغیب دی اور پنجاب، سندھ، سرحد اور مشرقی بنگال سے مسلم لیگ کو نمایاں کامیابی سے ہمکنار کرایا۔ آزادی ہند کے متعلق شملہ مذاکرات میں قائداعظمؒ کی معیت میں شرکت کی اور منطقی تقاریر سے قائداعظمؒ کے موقف کو تقویت بہم پہنچائی۔ ۱۹۴۶ء میں وائسرائے ہند کی انتظامیہ کے ہمراہ انگلستان گئے اور جنگ آزادی کے تقریری محاذ پر منطق اور استدلال کے وہ جوہر دکھائے کہ سامعین ششدر رہ گئے۔

وزیر مالیات کی حیثیت سے ۴۷۔۱۹۴۶ء کا متوازن بجٹ پیش کر کے ماہرین مالیات سے دادِ تحسین حاصل کی۔ حصول پاکستان کی جدوجہد میں ہر موقع پر قائداعظمؒ کے دوش بدوش سرگرم عمل رہے۔ ۱۴۔ اگست ۱۹۴۷ء کو جب

پاکستان معرض وجود میں آیا تو قائداعظمؒ پاکستان کے پہلے گورنر بنے اور ان کے رفیق کار، قائد ملت 'خان لیاقت علی خان' پاکستان کے پہلے وزیراعظم مقرر ہوئے اور جب تک زندہ رہے نہایت محنت ،لگن اور خلوص سے پاکستان کی سربلندی وعظمت کے لیے کام کرتے رہے۔ پاکستان کا دفاع، مہاجرین کی آبادکاری، خارجہ پالیسی، داخلی نظم ونسق، مسئلہ کشمیر اور پاکستانی معیشت کی بحالی ایسے مسائل تھے جن کا عمل عام اعصاب کے انسان کے بس کا روگ نہ تھا مگر آپ نے ہر مسئلہ کے حل کے لیے ایسی حکمت عملی اختیار کی جس سے ملکی استحکام اور وقار میں بتدریج اضافہ ہوتا چلا گیا۔ آپ نے قائداعظمؒ کی وفات کے بعد جہاں ملک کے چپے چپے کا دورہ کر کے پاکستان کے افسردہ اور مغموم عوام کی ڈھارس بندھائی وہاں بھارت، برطانیہ، امریکہ اور روس کا دورہ کر کے اپنے خارجہ مراسم کو مستحکم کیا۔ آپ نے پیچیدہ مسائل میں اسلامی ممالک کو اپنا ہمنوا بنایا جو بین الاقوامی فورم پر ہمیشہ پاکستان کے موقف کی تائید کرتے رہے۔

مملکت خداداد پاکستان، قائداعظمؒ اور قائد ملت کی طویل سیاسی جدوجہد کا ایک انمول شیریں ثمر ہے۔ یہ ان کی ایک مقدس امانت ہے اس کے حصول میں لاکھوں افراد کا خون بہا ہے قائد ملت کی روح ہم سے تبھی خوش اور مطمئن ہو سکتی ہے جب ہم ان کے لائحہ عمل کو اپناتے ہوئے ان کے نقش قدم پر چل کر پاکستان کے اوج وعظمت کے لیے اپنی زندگی وقف کر دیں۔

---

## اطلاعات انجمن

صفحہ نمبر ۴۳ سے آگے

---

☆ انجمن فیض الاسلام کے ساتھ گہری وابستگی رکھنے والے ہمدرد انسان اویس صاحب، اویس برادرز پینٹ سٹور اقبال روڈ راولپنڈی کے تایا جان حاجی غلام سرور صاحب ریٹائرڈ پرنسپل پولیس کالج سہالہ بھی گذشتہ دنوں رحلت فرما گئے ہیں۔

انجمن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد، سینئر نائب صدر محترمہ اظہار فاطمہ، نائب صدر لیفٹیننٹ کرنل (ر) میاں جمیل اطہر، جنرل سیکریٹری گروپ کیپٹن (ر) پرویز اختر، فنانس سیکریٹری محمد صابر حسین اور سیکریٹری نشر واشاعت محمد بدر منیر سمیت اراکین مجلس منتظمہ، دیگر اراکین اور سٹاف ممبران نے تمام مرحومین کے ورثاء سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

# اطلاعات انجمن

مرتب: تاج محمد جان

## انجمن فیض الاسلام کے بجٹ برائے مالی سال 26-2025ء کی منظوری

انجمن فیض الاسلام کا مالی سال 26-2025 کا بجٹ مجلس عام کے اراکین کی بھاری اکثریت نے منظور کر دیا ہے۔ بجٹ کا کل حجم ستائیس کروڑ، 77 لاکھ، 60 ہزار روپے ہے۔ خصوصی بجٹ اجلاس صدر انجمن پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد کی صدارت میں انجمن کے میاں حیات بخش ہال میں منعقد ہوا جس میں سینئر نائب صدر محترمہ اظہار فاطمہ، نائب صدر لیفٹیننٹ کرنل (ر) میاں جمیل اطہر، جنرل سیکریٹری گروپ کیپٹن (ر) پرویز اختر، فنانس سیکریٹری محمد صابر حسین، سیکریٹری نشرو اشاعت محمد بدر منیر، طاہر ضیاء اور مجلس عام کے اراکین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ جنرل سیکریٹری گروپ کیپٹن (ر) پرویز اختر نے گذشتہ سال کے بجٹ اجلاس کی کاروائی پڑھ کر سنائی جبکہ محمد صابر حسین، سیکریٹری مالیات نے نئے مالی سال کا بجٹ پیش کیا۔ اراکین مجلس عام نے بجٹ کے بعض نقاط پر بحث کی اور تحفظات کا اظہار کیا جن کو سیکریٹری مالیات، سیکریٹری نشر اشاعت محمد بدر منیر اور ان کے معاونین نے مدلل جواب سے مطمئن کیا۔ کل تخمینہ آمدن اور اخراجات 27 کروڑ، 77 لاکھ سے زائد بتائے گئے۔ نئے مالی سال کے بجٹ میں اپنا گھر کے رہائشی بچوں کی رہائشی و تعلیمی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے گذشتہ مالی سال کے مقابلے میں زیادہ رقوم مختص کی گئیں۔ طلبہ کی سپورٹس سرگرمیوں کے بجٹ میں 3 لاکھ روپے کا اضافہ تجویز کیا گیا۔ اس کے علاوہ بچوں کے لیے کپڑوں، جوتوں، سٹیشنری اور دیگر لوازمات کی خریداری کے لیے بھی گذشتہ سال کے مقابلے میں زیادہ رقوم مختص کی گئیں۔ بجٹ پر تفصیلی بحث اور اراکین مجلس عاملہ کی بعض تجاویز پر عمل درآمد کی یقین دہانی کے بعد ہاؤس نے واضح اکثریت سے بجٹ کی منظوری دے دی۔ اس موقع پر صدر انجمن پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے تمام ممبران کی آمد اور بجٹ دستاویز پر اپنی آراء پیش کرنے اور بجٹ کی منظوری پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انجمن کے وسائل ہمارے پاس امانت ہوتے ہیں جن کو بچوں کی بہبود پر خرچ کرنے کے لیے انتہائی احتیاط برتی جاتی ہے۔ بجٹ اجلاس کا اختتام قاری غلام فاروق کی اجتماعی دعا پر ہوا۔

# سیلاب زدگان کی فوری امداد کرنے کی اپیل

انجمن فیض الاسلام کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد اور دیگر عہدیداروں نے پاکستان کی تاریخ کے بدترین سیلاب کی تباہ کاریوں اوراس سے متاثر ہونے والے خاندانوں سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے تمام صاحبان ثروت لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب سے متاثر ہونے والے لوگوں کی دل کھول کر مدد کریں۔ پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ حالیہ سیلاب نے کئی قیمتی جانیں نگل لی ہیں۔ خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں بڑے پیمانے پر سیلاب نے تباہی مچائی جس میں لوگوں کے گھر اور سارا سامان، مال مویشی اور کھڑی فصلیں ملیامیٹ ہو گئیں اور متاثر ہونے والے لوگ یک دم ہر سہولت سے محروم ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ بدن پر لگے کپڑوں کے سوا ان لوگوں کے پاس باقی کچھ نہیں بچا۔ بزرگ خواتین وحضرات اور معصوم بچے کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار بیٹھے امداد کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گو کہ حکومت اور رفاعی تنظیمیں امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں مگر تباہی اور اسکے نتیجے میں درکار فوری امداد کی ضرورت کا دائرہ اتنا وسیع ہے کہ حکومت اور این جی اوز تمام متاثرہ علاقوں میں مہینوں تک شائد نہ پہنچ پائیں اس لئے سول سوسائٹی کے وہ لوگ جو ایسی آفت سے بچے ہوئے ہیں ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ بود و باش کے سامان سمیت اپنا کھانا متاثرہ مستحقین میں بانٹ لیں. سیلاب زدہ علاقوں میں ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو خاص طور پر سر اور جسم ڈھانپنے کے لیے کپڑوں کی اشد ضرورت ہے۔ یہ لوگ اپنے دائیں بائیں موجود سیلابی پانی پینے پر مجبور ہیں جبکہ ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ درددل رکھنے والے شہری اپنے طور پر منظم ہو کر متاثرین کی ضروریات کی چیزیں جمع کریں اور ہنگامی بنیادوں پر یہ اشیاء مستحقین تک پہنچانے کا خود بندوبست کریں کیونکہ امدادی سامان کے ساتھ ساتھ امداد پہنچانے اور سیلاب میں گھرے لوگوں کو ریسکیو کرنے کے لیے افرادی قوت کی بھی ضرورت ہے۔

# انجمن فیض الاسلام مندرہ کیمپس میں شجرکاری مہم کی رپورٹ

انجمن فیض الاسلام کے مندرہ کیمپس میں شجرکاری مہم کا آغاز کرتے ہوئے انجمن کے نائب صدر انجمن کے مندرہ کیمپس کے ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کرنل (ر) میاں جمیل اطہر نے کہا ہے کہ سیلاب کی تباہ کاریوں کی ایک بڑی وجہ درختوں یا جنگلات کی شدید کمی ہے۔ شجرکاری مہم کے دوران زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر ہم آنے والے ماہ وسال میں سیلاب کے نقصانات کم کر سکتے ہیں۔ انہوں نے انجمن فیض الاسلام کے گرلز اور بوائز سکول کے اساتذہ کرام، طلبہ

اور تمام سٹاف ممبران سے اپیل کی کہ وہ اپنے گھروں، دفاتر اور عام کھلی جگہوں پر درخت لگا کر پروان چڑھنے تک لگائے گئے پودے کی مکمل نگہداشت کریں۔ انجمن کے سیکریٹری نشر واشاعت محمد بدر منیر، مجلس منتظمہ کے ممبران راجہ پرویز حسین اور حسیب الرحمٰن صاحب اور کیمپس کے ملازمین اس موقع پر موجود تھے۔ لیفٹیننٹ کرنل (ر) میاں محمد اطہر نے کہا کہ انسان اور درخت لازم وملزوم ہیں۔ درخت موسموں کی شدت کو کم کرتے اور سیلابوں کو روکنے کا قدرتی ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی کے ساتھ ہمارے ملک میں عوام الناس میں درختوں کی ضرورت واہمیت کا شعور نہیں اور آبادی میں اضافے کے ساتھ ساتھ جس رفتار کے ساتھ جنگلات میں اضافہ کرنا چاہیے تھا وہ نہیں ہوا۔ آبادی اور درختوں کے درمیان اسی بڑے عدم توازن کا نتیجہ ہے کہ ہم بدترین سیلاب کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انجمن کے تمام تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ طلبہ کو شجرکاری کی اہمیت سے کماحقہ آگاہ کریں اور ان بچوں کے ذریعے جنگلات اور درختوں کی ضرورت کے بارے میں عوام الناس تک شعور پھیلائیں۔ سیکریٹری نشر واشاعت محمد بدر منیر نے کہا کہ جاری شجرکاری مہم کے دوران انجمن فیض الاسلام کے مختلف مراکز میں پودے لگائے گئے اور بچوں کو ان کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ درختوں کے فوائد ان گنت ہیں۔ اگر ہر پاکستانی اپنی ذمہ داری سمجھ کر کم از کم ایک پودا لگانے اور اس کو پروان چڑھانے تک نگرانی کرے تو جنگلات کی کمی کے باعث ہمیں جو مسائل درپیش ہیں ان پر قابو پانے میں بڑی مدد مل سکتی ہے۔

## سالانہ سیرت النبی ﷺ تقریب کا احوال

انجمن فیض الاسلام کا اعزاز ہے کہ وہ ہر سال نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک سیرت کے بیان کے لیے سادہ مگر انتہائی پروقار تقریب منعقد کرتا ہے جس کا مقصد بچوں کو رسول پاک ﷺ کی سیرت سے آگاہ کرنا اور زندگیوں کو اس سیرت کے سانچے میں ڈھالنے کی ترغیب دینا ہے۔ اس سال بھی عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے انجمن فیض الاسلام کے راجا غلام قادر ہال میں یہ تقریب منعقد ہوئی جس میں کلام الٰہی کی تلاوت وترجمہ کے بعد طلباء اور طالبات نے قصیدہ بردہ شریف کے علاوہ مسحور کن آواز میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گلہائے عقیدت پیش کیا۔ ٹیچرز اور بچوں نے سیرت طیبہؐ کے موضوع پر پُر اثر تقاریر بھی کیں۔ اپنے خصوصی خطاب میں انجمن فیض الاسلام کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے تلاوت کلام پاک، نعتوں اور تقاریر کی ادائیگی پر اساتذہ کرام اور بچوں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا ہے کہ کائنات کی وجہ تخلیق نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات عالی

شان ہے جن کی پیروی اور اتباع دنیاوی اور اُخروی فلاح ونجات کا ذریعہ ہے۔رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کے اظہار کا بہترین طریقہ بھی آپ کی اتباع ہی ہے۔ان کی شان بیان کرنے کا حق ہم سے ادا نہیں ہوسکتا جن پر خود خالق کائنات اور اس کے فرشتے درود وسلام بھیجتے ہیں۔کانفرنس میں انجمن فیض الاسلام کے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام اور طلبہ کی بہت بڑی تعداد کے علاوہ سینئر نائب صدر محترمہ اظہار فاطمہ، جنرل سیکریٹری گروپ کیپٹن (ر) پرویز اختر، بزم فیض کے چیئرمین پروفیسر نیاز عرفان، مسز مسرت شفیق، شبیر احمد ستی، فاروق قریشی، مندرہ کیمپس کے منیجر محمد اسلم اور دیگر عہدیدار موجود تھے۔پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور اتباع لازم وملزوم ہیں۔انہوں نے اساتذہ کرام پر زور دیا کہ وہ بچوں کو نصاب سے ہٹ کر بھی سیرت طیبہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے تمام پہلوؤں سے آگاہ کریں۔ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کی پوری زندگی حق و صداقت، امانت ودیانت، صبر وتحمل اور عفو ودرگزر سے لبریز ہے جن کی سچائی کی گواہی مخالفین نے بھی دی۔اگر میں ذات محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کائنات کا مغز کہوں تو قطعی طور پر غلط نہ ہوگا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انجمن کی سینئر نائب صدر محترمہ اظہار فاطمہ نے انتہائی اختصار، ترتیب اور جامع انداز میں نبی آخرالزمان کی سیرت وکردار کو اُجاگر کرکے سامعین پر زور دیا کہ وہ اپنی زندگیوں کو سیرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈھالنے کی سعی کریں۔انجمن کے سیکریٹری جنرل گروپ کیپٹن (ر) پرویز اختر نے اپنے اظہار تشکر میں نبی اکرم ﷺ کی زندگی کو مشعل راہ بنانے پر زور دیا اور کانفرنس میں شرکت کرنے والے اساتذہ کرام، طلبہ اور دیگر کا شکریہ ادا کیا۔مندرہ سکول کے پرنسپل فاروق قریشی نے اجتماعی دعا کروائی۔

## انتقال پرملال

☆ انجمن فیض الاسلام کی مجلس منتظمہ کے رکن انجینئر ساجد کی ہمشیرہ محترمہ کا گذشتہ دنوں انتقال ہوگیا۔مرحومہ کو ان کے سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔

☆ انجمن فیض الاسلام پکا کھوہ کیمپس کے انچارج قاری مطیع الرحمٰن کی والدہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔اللہ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

☆ انجمن فیض الاسلام فیض آباد کے کیمپس کے مینیجر تنویر کیانی کے والد محترم گزشتہ دنوں اس دنیائے فانی سے کوچ فرما گئے۔انجمن کے جنرل سیکریٹری کی سربراہی میں سٹاف وممبران نے جنازہ میں شرکت کی۔ (باقی صفحہ ۳۹ پر)

# توشۂ آخرت

جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ اُن کے مال کی مثال ایسی ہے۔ جیسے ایک دانہ، کہ اس سے سات بالیاں اُگیں۔ اور ہر ہر بالی کے اندر سو سو دانے ہوں اور اللہ جسے چاہتا ہے افزونی دیتا رہتا ہے۔ اللہ بڑا وسعت اور بڑا علم والا ہے۔ (سورۃ البقرہ:۲۶)

☆

☆ انجمن کے مرکزی دفتر (ٹرنک بازار) اور فیض آباد کمپلیکس کی برانچوں میں موصول ہونے والے عطیات کی فہرست۔

اس شمارے میں جس ماہ کے عطیات کی فہرست شائع ہو رہی ہے۔ اگر آپ نے اسی ماہ میں عطیہ دیا ہو تو اپنی رسید نمبر کے مطابق جس جگہ اور جس تاریخ کو عطیہ دیا ہو وہیں تلاش کیجئے۔

## حسابات ٹرنک بازار بابت ماہ اگست 2025ء

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 28اگست25 | 5985 | زاہد محمود صاحب | راولپنڈی | 38000 |
| // | 20808 | مبشرہ عابد صاحبہ | // | 45000 |
| // | 20809 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20810 | مختار صاحب | // | 100 |
| 29اگست25 | 20811 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20812 | ایس انجم بشیر صاحب | // | 20000 |
| // | 20813 | مختار صاحب | // | 100 |
| 30اگست25 | 20814 | محمد یوسف صاحب | // | 500 |
| // | 20815 | شاہد سہیل صاحب | // | 5000 |
| 31اگست25 | 20816 | محمد نعیم صاحب | // | 1000 |
| // | 20817 | ارشد علی صاحب | // | 1200 |
| // | 20818 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20819 | ساجد نواز قریشی صاحب | // | 2000 |
| // | 20820 | محمد لطیف صاحب | // | 500 |
| // | 20821 | نیکدل مسلمان | // | 100 |
| // | 20822 | مختار احمد صاحب | // | 100 |

## حسابات ٹرنک بازار بابت ماہ ستمبر 2025ء

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| یکم ستمبر25 | 20823 | امجد علی عمر صاحب | راولپنڈی | 17300 |
| // | 20824 | نثار صاحب | // | 1000 |
| // | 20825 | عاصم افتخار صاحب | // | 10000 |
| // | 20826 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20827 | یوسف صاحب | // | 500 |
| // | 20828 | ثاقب والدین فیملی | // | 400 |
| // | 20829 | چندہ نمازیاں فیض مسجد | // | 12400 |
| یکم ستمبر25 | 20830 | شعیب صاحب | راولپنڈی | 100 |
| // | 20831 | محمد صابر حسین صاحب | // | 1000 |
| // | 20832 | عرفان محمود صاحب | // | 7600 |
| // | 20833 | لطیف صاحب | // | 500 |
| 2ستمبر25 | 20834 | ارشاد الرحمٰن صاحب | // | 1000 |
| // | 20835 | بابر رحمان صاحب | // | 1000 |
| // | 20836 | والدین قاری نسیم صاحب | // | 500 |
| // | 20837 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20838 | امجد جاوید صاحب | // | 1000 |
| // | 20839 | لیث اللہ صاحب | // | 500 |
| 3ستمبر25 | 20840 | محمد اشفاق صاحب | راولپنڈی | 20000 |
| // | 20841 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20842 | شہباز صاحب | // | 21000 |
| // | 20843 | محمد یاسین صاحب | // | 500 |
| 4ستمبر25 | 20844 | نیکدل مسلمان | راولپنڈی | 500 |
| // | 20845 | نواز فیبرکس | // | 500 |
| // | 20846 | نوید اختر ملک صاحب | // | 100000 |
| // | 20847 | محمد ساجد صاحب | // | 500 |
| // | 20848 | ادریس افضل صاحب | // | 1000 |
| // | 22051 | خالد برادرز | حسن ابدال | 200 |
| // | 22052 | چوہدری ظفر صاحب | // | 100 |
| // | 22053 | محمد امین بانفروش | // | 200 |
| // | 22054 | ص نمبر۲۰۷ حاجی ملک قمرالدین | واہ سیمنٹ ورکس | 600 |
| // | 22055 | ص نمبر۱۱۶ امجد سبزی فروش | // | 200 |
| // | 22056 | ص نمبر۱۴ محمد شوکت محمد اکرام | // | 370 |
| // | 22057 | ص نمبر۱۱۹ حاجی ملک مسکین | // | 1000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 4 ستمبر25 | 22058 | حاجی ملک مسکین صاحب | واہ سیمنٹ ورکس | 500 |
| // | 22059 | ایک نیک دل انسان | // | 100 |
| // | 22060 | ص نمبر۱۰۲راجہ بکڈپو شاپ | // | 770 |
| // | 22061 | ص نمبر۱۱۹جمیل بکڈپو | // | 680 |
| // | 22062 | ص نمبر۱۵فیروز دین مرحوم، عبدالرشید صاحب | // | 1900 |
| // | 22063 | عاشق کریانہ سٹور | // | 200 |
| // | 22064 | ص نمبر۱۷حاجی جارب علی | بستی کارگہاں | 510 |
| // | 22065 | ص نمبر۵۲چوہدری برادرز سٹیٹ سٹور | // | 1000 |
| // | 22066 | ص نمبر۴۲۷قاضی دین الدین مرحوم | // | 500 |
| // | 22067 | ص نمبر۲۶۷محمد اسلم | // | 310 |
| // | 22068 | ص نمبر۵۰۴محمد شفیق مرحوم | HMC | 310 |
| // | 22069 | ص نمبر۱۳۳محمد شبیر سموسہ | // | 260 |
| // | 22070 | ص نمبر۱۶پاپولرٹیلو | // | 780 |
| // | 22071 | انفال واجد | ٹروڑکیمپ | 1000 |
| // | 22072 | ثاقب علی صاحب | // | 2000 |
| // | 22073 | محمد ثاقب علی صاحب | // | 1000 |
| // | 22074 | والدین مرحومین ثاقب | // | 200 |
| // | 22075 | ص نمبر۹۱پاکستان ڈرائی فروٹ | // | 4740 |
| // | 22076 | ص نمبر۷۹ الکرم جیولرز | کلرسیداں | 500 |
| // | 22077 | ص نمبر۱۵محمد حسن جنرل سٹور | // | 500 |
| // | 22078 | ص نمبر۱۵۰حاجی محمد نیاز مرحوم شبیر سویٹ | // | 5870 |
| // | 22079 | ص نمبر۵۷۷بابو محمد اسماعیل | // | 4000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 4 ستمبر25 | 22080 | ص نمبر۱۲چوہدری تاج فرنیچر | کلرسیداں | 5680 |
| // | 22081 | ص نمبر۳۱۲حسن جنرل سٹور | // | 500 |
| // | 22082 | ص نمبر۱۱۸محمد رضوان الیکٹریشن | راولپنڈی | 1000 |
| // | 22083 | میاں عبدالحکیم پھل صاحب | اسلام آباد | 1000 |
| // | 22084 | اعتبار حسین عباسی صاحب | // | 100 |
| // | 22085 | والدین مرحومین منیر اختر عباسی | // | 500 |
| // | 22086 | چوہدری محمد امین، چوہدری محمد نوید صاحبان | // | 1000 |
| // | 22087 | ص نمبر۲۱طارق بیکری | راولپنڈی | 2700 |
| // | 22088 | ص نمبر۱۲۶محمد نوید اے رحمان | // | 3000 |
| // | 22089 | ص نمبر۱۲۹اعدیل پراچہ | // | 7350 |
| // | 22090 | اضراسیاب شیخ صاحب | // | 500 |
| // | 22091 | ص نمبر۱۶۲احاجی محمد رشید | بھارہ کہو | 750 |
| // | 22092 | ص نمبر۱۳سعید الیکٹرک سٹور | لوہرمال مری | 1000 |
| // | 22093 | ص نمبر۴۷قمر عباسی پاکیزہ ہوٹل | // | 860 |
| // | 22094 | ص نمبر۶۴۷پاکیزہ ہوٹل | // | 1160 |
| // | 22095 | ص نمبر۲۱۸لینسلاٹ کیفی | مال روڈ مری | 2480 |
| // | 22096 | ص نمبر۱۳۹ لاہور ہوٹل | // | 1500 |
| // | 22097 | ص نمبر۲۲۰خان تحقیق سٹار بیکری | // | 1930 |
| // | 22098 | ص نمبر۲۱۴ون ڈالر شاپ | مرحبا چوک مری | 860 |
| // | 22099 | ص نمبر۲۱۴فرائی چکس | // | 430 |
| // | 22100 | عبدالرحمن بمعہ فیملی والدین مرحومین | // | 100 |
| 5 ستمبر25 | 20849 | احمد حفیظ صاحب | راولپنڈی | 23000 |
| // | 20850 | اذان فہیم کس | // | 500 |
| // | 24251 | ظفر مغل صاحب | // | 1500 |
| 7 ستمبر25 | 24252 | نوید مختار صاحب | // | 1500 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 7 ستمبر 25 | 24253 | یوسف صاحب | راولپنڈی | 500 |
| 8 ستمبر 25 | 24254 | والد صاحب، ماموں، چاچا آل محمد | // | 5000 |
| // | 24255 | ڈاکٹر ولی اللہ صاحب | // | 10000 |
| // | 24256 | غلام حیدر صاحب | U.K | 30000 |
| // | 24257 | والدین قاری نسیم صاحب | راولپنڈی | 200 |
| 9 ستمبر 25 | 24258 | بشارت خان صاحب | // | 2000 |
| // | 24259 | پیروز بخت قاضی صاحب | لاہور | 15000 |
| // | 24260 | چوہدری یونس صاحب | راولپنڈی | 1300 |
| 10 ستمبر 25 | 19851 | سعد بن عاصم زبیری | // | 500 |
| // | 19852 | بریگیڈیئر فرخ حیات خان | // | 10000 |
| // | 19853 | کرنل ہمایوں صاحب | // | 4000 |
| // | 19854 | تنویر احمد بھٹی صاحب | // | 1000 |
| // | 19855 | شایان تنویر بھٹی صاحب | // | 1000 |
| // | 19856 | کموڈور سہیل عابد صاحب | // | 2000 |
| // | 19857 | منظر احمد صاحب | // | 3000 |
| // | 19858 | منظر احمد صاحب | // | 2000 |
| // | 19859 | منظر احمد برائے زوجہ مرحومہ | // | 1000 |
| // | 19860 | منظر احمد برائے والدہ صاحبہ | // | 1000 |
| // | 19861 | منظر احمد برائے والد صاحب | // | 1000 |
| // | 19862 | علیم ارشد صاحب | بحریہ ٹاؤن | 5000 |
| // | 19863 | ڈاکٹر ریاض احمد صاحب | // | 2000 |
| // | 19864 | محمود صاحب | // | 2000 |
| // | 19865 | ڈاکٹر شاہین صاحبہ | // | 500 |
| // | 19866 | ڈاکٹر ظہیر الدین بابر | // | 5000 |
| // | 19867 | شہناز اختر صاحبہ | // | 5000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 10 ستمبر 25 | 19868 | شہناز اختر صاحبہ | بحریہ ٹاؤن | 1000 |
| // | 19869 | خرم آزاد خان صاحب | // | 1000 |
| // | 19870 | سلمان اجمل شیخ صاحب | // | 1000 |
| // | 19871 | منصور صاحب | // | 1000 |
| // | 19872 | محبوب احمد صاحب | // | 1000 |
| // | 19873 | ذوالفقار علی قریشی صاحب | // | 500 |
| // | 19874 | قاضی علم اللہ صاحب | // | 1000 |
| // | 19875 | ایم ایل مفتی صاحب | // | 1000 |
| // | 19876 | بریگیڈیئر وقار درانی | اسلام آباد | 500 |
| // | 19877 | قریشی فوڈز | // | 1000 |
| // | 19878 | احسن امتیاز بھٹی صاحب | // | 1000 |
| // | 19879 | اعظم خان ترین صاحب | // | 500 |
| // | 19880 | ناجیہ رفیق صاحبہ | // | 1000 |
| // | 19881 | ایس عباس صاحبہ | // | 5000 |
| // | 19882 | راجہ فیملی | // | 1000 |
| // | 19883 | ڈاکٹر جمیلا نوشاد صاحبہ | // | 8000 |
| // | 19884 | ثمین نوشاد صاحبہ | // | 5000 |
| // | 19885 | روشین نوشاد صاحبہ | // | 1000 |
| // | 19886 | محمد یوسف صاحب | // | 500 |
| // | 19887 | حمیرا یوسف صاحبہ | // | 500 |
| // | 19888 | دانش صاحب | // | 500 |
| // | 19889 | سید علی راغب نقوی صاحب | // | 2400 |
| // | 19890 | ڈاکٹر اعجاز احمد چوہدری | // | 200 |
| // | 19891 | سعید الزمان صاحب | // | 500 |
| // | 19892 | خالد مقبول بھٹی صاحب | // | 500 |
| // | 19893 | ڈاکٹر خورشید احمد صاحب | // | 1000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 10 ستمبر25 | 19894 | ڈاکٹر جاوید ارشد مرزا | اسلام آباد | 500 |
| // | 19895 | عفت خانم صاحبہ | // | 1000 |
| // | 19896 | حاجی سیف اللہ خان بنگش | // | 500 |
| // | 19897 | بریگیڈیئر (مرحوم) مرزا غلام عباس | // | 5000 |
| // | 19898 | چوہدری ظہور احمد صاحب | // | 5000 |
| // | 19899 | اذیان رفیق صاحب | // | 1000 |
| // | 19900 | نذیر فاطمہ (مرحومہ) | // | 1000 |
| // | 24261 | اذان فیبرکس | راولپنڈی | 500 |
| // | 24262 | نوید فیبرکس | // | 500 |
| // | 24263 | ضیاء القمر صاحب | // | 10000 |
| 11 ستمبر25 | 24264 | نواز فیبرکس | // | 500 |
| // | 24265 | محمد فیاض صاحب | // | 100 |
| // | 24266 | نور اشرف اینڈ سنز | // | 2000 |
| // | 24267 | عائشہ عامر صاحبہ | // | 1500 |
| // | 24268 | عبدالحنان صاحب | // | 500 |
| // | 24269 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 24270 | خیال محمد صاحب | // | 1500 |
| 12 ستمبر25 | 23701 | والدین مرحومین عبدالقیوم بٹ | راولپنڈی | 1660 |
| // | 23702 | س نمبر ۵۴ شالیمار فوٹو اسٹیٹ | // | 1150 |
| // | 23703 | س نمبر ۱۳۰ سٹی کیمسٹ میڈیکل سٹور | // | 630 |
| // | 23704 | صوبیدار محمد شاہ صاحب | // | 100 |
| // | 23705 | سید مرتضی شاہ مرحوم | // | 100 |
| // | 23706 | س نمبر ۵۵ حاجی محمد شاہ | // | 1300 |
| // | 23707 | س نمبر ۲۳۲ بلال بیکری | مندرہ | 270 |
| // | 23708 | س نمبر ۱۳ احمد شہزاد کریانہ سٹور | // | 770 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 12 ستمبر25 | 23709 | س نمبر ۶۷ ثاقب علی | مندرہ | 600 |
| // | 23710 | س نمبر ۸۷ حاجی صوبیدار محمد حسین | // | 900 |
| // | 23711 | محمد محبوب چشتی قادریہ | راولپنڈی | 500 |
| // | 23712 | محمد اقبال صاحب | // | 500 |
| // | 23713 | ملک بشیر احمد و بیگم ملک بشیر | // | 100 |
| // | 23714 | چوہدری تیمور ظفر اینڈ رواہ تیمور | // | 1100 |
| // | 23715 | والدین مرحومین چوہدری ظفر | // | 500 |
| // | 23716 | عمران ٹریڈرز | // | 1000 |
| // | 23717 | سید تجمل حسین شاہ مرحوم | // | 250 |
| // | 23718 | سید زاہد حسین بخاری مرحوم | // | 250 |
| // | 23719 | ساجد محمود اینڈ محمد عثمان | // | 200 |
| // | 23720 | مختار برادرز | // | 200 |
| // | 23721 | علی سائیکل ورکس | // | 1000 |
| // | 23722 | بشیر احمد بھٹی صاحب | // | 1000 |
| // | 23723 | دختر عزیز حسین مرحومہ | // | 500 |
| // | 23724 | ملک خدا بخش و بیگم خدا بخش مرحومہ | // | 300 |
| // | 23725 | ملک عمران مرحوم | // | 150 |
| // | 23726 | حاجی نذیر احمد صاحب | راولپنڈی | 50 |
| // | 23727 | خرم شہزاد صاحب | // | 100 |
| // | 23728 | حاجی جان ٹی سٹور | // | 200 |
| // | 23729 | حاجی نصر اللہ و فیملی | // | 1000 |
| // | 23730 | ہارون ٹریڈرز | // | 100 |
| // | 23731 | صدیق کارپوریشن | // | 200 |
| // | 23732 | پاک شوز | // | 100 |
| // | 23733 | میر حسین و بیگم میر حسین مرحومین | // | 200 |
| // | 23734 | نسرین ناصر اینڈ ناصر سعید مرحوم | // | 200 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 12 ستمبر 25 | 23735 | سید طالب حسین گیلانی مرحوم | راولپنڈی | 1000 |
| // | 23736 | پیر حسین صراف مرحوم | // | 500 |
| // | 23737 | محمد اشرف خان جدہ والے | // | 200 |
| // | 23738 | آفتاب باڈے صاحب | // | 200 |
| // | 23739 | نیو چمن آٹوز | // | 100 |
| // | 23740 | چوہدری افتخار حسین مرحوم | گوالمنڈی | 2000 |
| // | 23741 | نیک دل خاتون | // | 500 |
| // | 23742 | چوہدری افتخار حسین مرحوم | // | 500 |
| // | 23743 | ایک نیک دل خاتون | // | 500 |
| // | 23744 | چوہدری نذیر حسین مرحوم | // | 300 |
| // | 23745 | ایک نیک دل خاتون | // | 200 |
| // | 23746 | افتخار احمد ستی صاحب | صدر | 1000 |
| // | 23747 | عبدالغفار صاحب | // | 200 |
| // | 23748 | حاجی معز الدین صاحب | // | 4000 |
| // | 23749 | ڈاکٹر سعدیہ صاحبہ | اسلام آباد | 5000 |
| // | 23750 | یاسمین مرحومہ | راولپنڈی | 100 |
| // | 24271 | کامران صاحب | // | 1000 |
| 13 ستمبر 25 | 24272 | عمران صاحب | // | 6000 |
| // | 24273 | عدنان سلطان صاحب | // | 5000 |
| // | 24274 | بریگیڈیئر ابراہیم انجم صاحب | // | 5000 |
| // | 24275 | اذان الیکٹرکس | // | 500 |
| // | 24276 | چوہدری محمد عاشق مرحوم | // | 1000 |
| // | 24277 | عامر فاروق صاحب | // | 500 |
| // | 24278 | یوسف صاحب | // | 500 |
| 14 ستمبر 25 | 24279 | حاجی عبدالروف صاحب | راولپنڈی | 5000 |
| // | 24280 | ندیم صاحب | // | 1000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 14 ستمبر 25 | 24281 | صدقات | راولپنڈی | 20000 |
| // | 24282 | اذان الیکٹرکس | // | 500 |
| // | 24283 | والدین بیٹی تنازل گرافک | // | 1000 |
| // | 24284 | مختار صاحب | // | 100 |
| 15 ستمبر 25 | 22151 | میاں رؤف صاحب | // | 500 |
| // | 22152 | والد مرحوم محمد بشارت | // | 100 |
| // | 22153 | جمشید صاحب | // | 1000 |
| // | 22154 | خواجہ حفیظ مرحوم | // | 3000 |
| // | 22155 | خواجہ حفیظ مرحوم | // | 3000 |
| // | 22156 | انجم نوید، مبشر نوید صاحبان | // | 5000 |
| // | 22157 | ملک شوکت مرحوم | // | 500 |
| // | 22158 | نیکہ بانو مرحومہ | // | 500 |
| // | 22159 | الیون ویلیوز | اسلام آباد | 1000 |
| // | 22160 | موفیلک شلوشن | DHA | 1000 |
| // | 22161 | احمد محمود زبیری مرحوم | اسلام آباد | 1650 |
| // | 22162 | نسرین محمود صاحبہ | // | 50 |
| // | 22163 | نسرین محمود صاحبہ | // | 200 |
| // | 22164 | طاہر اسلام زبیری صاحب | // | 50 |
| // | 22165 | عمیلا سعد صاحبہ | DHA | 50 |
| // | 22166 | رابعہ محمود صاحبہ | اسلام آباد | 50 |
| // | 22167 | محمد محسن شبیر فاطمہ مرحومین | // | 100 |
| // | 22168 | اسماء محمود بمعہ فیملی | // | 300 |
| // | 22169 | خرم مجتبیٰ بمعہ فیملی | // | 300 |
| // | 22170 | محمد شبیر حسن مرحوم | // | 50 |
| // | 22171 | سردار فاطمہ شہر بانو مرحومین | // | 100 |
| // | 22172 | فرخ محمود عائشہ نور فاطمہ | // | 400 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 15 ستمبر25 | 22173 | نسیم اشتیاق صاحبہ | راولپنڈی | 1000 |
| // | 22174 | نسیم اشتیاق صاحبہ | // | 1000 |
| // | 22175 | والدین مرحومین اشتیاق رسول | // | 1000 |
